الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللہ وعلیٰ آلک واصحابک یا سیدی یا حبیب اللہ

میں سنی کیوں اور کیسے ہوا؟

تصنیف
ڈاکٹر محمد سلیمان قادری
سابق اہلحدیث، حال مدرس جامعہ نعیمیہ لاہور

ناشر
مکتبہ نعیمیہ جامعہ نعیمیہ
گڑھی شاہو لاہور

Marfat.com

میں سُنّی کیوں اور کیسے ہوا؟

سابق اہلحدیث ڈاکٹر محمد سلیمان قادری
حال مدرس جامعہ نعیمیہ لاہور

ناشر
مکتبہ نعیمیہ ،جامعہ نعیمیہ
گڑھی شاہو لاہور

﴾جملہ حقوق بحق مصنف محفوظ ہیں﴿

مصنف کی اجازت کے بغیر کتاب چھاپنے والے کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے گی

نام کتاب ------------- میں سنی کیوں اور کیسے ہوا؟

تصنیف ------------- ڈاکٹر محمد سلیمان قادری

نظر ثانی ------------- حافظ محمد ذیشان صابری، حافظ اسرار الٰہی

کمپوزنگ ------------- حافظ محمد فاروق حیدر

سن اشاعت ------------- 05 جون 2011

تعداد ------------- 1100

صفحات ------------- 128

قیمت -------------

ملنے کے پتے

(۱) دار الایمان باغبانپورہ لاہور: 03334490551

(۲) مکتبہ ابوحنیفہ جامعہ نعیمیہ لاہور (۳) نظامیہ کتاب گھر اُردو بازار لاہور

(۴) مکتبہ اہلسنت جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور (۵) مکتبہ قادریہ دربار مارکیٹ لاہور

(۶) کرمانوالہ بک شاپ دربار مارکیٹ لاہور (۷) مکتبہ صابریہ اُردو بازار لاہور

(۸) مکتبہ اعلیٰ حضرت دربار مارکیٹ لاہور (۹) شبیر برادرز 40 اُردو بازار لاہور

(۱۰) ضیاء القرآن پبلی کیشنز داتا دربار لاہور (۱۱) دار الاسلام اُردو بازار لاہور

(۱۲) مکتبہ ضیاء الحرمین، ملتان (۱۳) مکتبہ مہریہ کاظمیہ، جامعہ انوار العلوم نیو ملتان

Marfat.com

﴿فہرست﴾

عنوان	صفحہ
مقدمہ	9
پہلا باب	17
غیر مقلد کی تعریف	=
غیر مقلد اور مجتہد میں فرق	=
دوسرا باب	18
غیر مقلدین کی مختصر تاریخ	=
۱) مشرک	21
۲) موحد مسلمان	=
غیر مقلدین کے ساتھ اختلاف کی نوعیت	22
اندرون ملک نجدیوں کے کارنامے	26
نجدیوں کا مزارات کے خلاف جہاد	27
حاصل کلام	28
غیر مقلدین سے اختلاف کی قسمیں	29
اصولی عقائد میں غیر مقلدین اور دیوبندی مشترک	
عقیدہ توحید اور نجدیت	30
نجدی دربارِ رسول ﷺ میں	32
تیسرا باب	35
ہندوستان میں فتنۂ غیر مقلدین	=
غیر مقلدین کا نجدی وہابی نام کیوں؟	37
وہابیوں کا عوام الناس کو ایک اور فریب	=
غیر مقلدین کو اہلِ حدیث کس نے بنایا	38
نوزائیدہ گروہ کا سرکاری نام اہل حدیث منظور کیوں کروایا گیا؟	39
غیر مقلدین علمائے دیوبند کی نظر میں	40
میل جول سے احتیاط	=
غیر مقلدین کے پیچھے نماز پڑھنا مکروہ ہے علمائے دیوبند کا فتویٰ	41
علمائے دیوبند کی دوغلی پالیسی	=
تقلید کی بحث	=
تقلید کا شرعی معنیٰ:	42

Marfat.com

عنوان	صفحہ	عنوان	صفحہ
تقلید جائز وناجائز:	42	اذان سے پہلے حمد وصلوٰۃ:	46
مذموم تقلید	=	اذان کے بعد صلوٰۃ وسلام:	47
محبوب تقلید	=	بوقت اذان انگوٹھے چومنے کا بیان:	48
کن مسائل میں تقلید کی جاتی ہے؟	43	سر ڈھانپنا:	49
(۱) عقائد۔	=	ٹوپی پہننے کا حکم:	=
(۲) وہ احکام جو صراحتاً قرآن	=	کھڑے ہو کر تکبیر سننا مکروہ ہے:	50
وحدیث سے ثابت ہوں۔		مقتدی نماز کے لئے کب کھڑے ہوں؟	=
(۳) وہ احکام جو قرآن وحدیث سے	=	نیت کرنا:	=
استنباط واجتہاد کر کے نکالے جائیں		صفیں سیدھی رکھو:	51
ان میں تقلید کی جاتی ہے۔		ہاتھ کانوں تک اٹھانا:	52
۱) عقائد میں تقلید	=	نوٹ!	53
۲) وہ احکام جو صراحتاً قرآن وحدیث	=	تکبیر تحریمہ کے علاوہ رفع یدین نہیں:	53
سے ثابت ہوں۔		غیر مقلدوں کو چیلنج	57
۳) کن مسائل میں تقلید کرنا واجب ہے؟	=	آخر میں ایک ضروری بات	58
کن کی تقلید کریں؟	44	رفع یدین کے منسوخ ہونے پر واضح	49
کون تقلید کرے؟	=	حدیث	
طریقہ نمازِ حنفی احادیث کی روشنی میں	45	ناف کے نیچے ہاتھ باندھنا:	67
طہارت:	=	بعد از نماز ذکر:	=
گردن کا مسح:	=		

عنوان	صفحہ
شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی کا فتاویٰ:	69
بسم اللہ جہراً نہیں:	=
فاتحہ خلف الامام نہیں:	70
قرأت خلف الامام:	=
قرأت خلف الامام کے متعلق صحابہ کرام کے فتاویٰ جات:	71
حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا فتویٰ	=
حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا فتویٰ	72
حضرت زید بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا فتویٰ	=
حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا فتویٰ	=
نوٹ!	73
آمین آہستہ کہنا:	74
آمین آہستہ کہنا گناہوں کی معافی کا سبب:	=
"فائدہ"	75
جلسہ:	=

عنوان	صفحہ
تشہد میں انگلی سے اشارہ بلاحرکت:	76
سجدہ سہو:	=
دعا بعد از نماز:	=
بعد از نماز صلوۃ وسلام:	77
ہاتھ اٹھا کر دعا کرنا:	=
وتر تین ہیں:	78
دعائے قنوت قبل رکوع:	=
الفاظ دعا قنوت:	79
اگر فجر کی سنتیں رہ جائیں تو سورج نکلنے کے بعد پڑھے:	80
جمعہ کی سنتیں:	=
نمازِ فجر کا مستحب وقت:	81
نمازِ ظہر کا مستحب وقت:	=
نمازِ تراویح بیس رکعت سنت ہے:	82
جنازہ کی چار تکبیریں:	=
دعا بعد از نماز جنازہ:	83
نوٹ!	=
عورت اور مرد کی نماز میں فرق:	85

عنوان	صفحہ
﴿ترجمہ پڑھئے اور فیصلہ کیجئے!﴾	87
توہین باری تعالیٰ کے چند نمونے	=
اللہ تعالیٰ کو چال باز لکھ دیا	=
اللہ تعالیٰ کو داؤ کرنے والا لکھ دیا	88
اللہ تعالیٰ کو فریب دینے والا، دھوکہ دینے والا اور دغا دینے والا لکھ دیا	=
اللہ تعالیٰ کو مجسم مان لیا جبکہ اللہ تعالیٰ جسم سے پاک ہے	89
﴿ترجمہ پڑھئے اور فیصلہ کیجئے!﴾	91
توہین رسالت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے چند نمونے	=
آیت نمبر۱	=
وہابی حضرات	92
آیت نمبر۲	93
آیت نمبر۳	=
آیت نمبر۴	94
آیت نمبر۵	96

عنوان	صفحہ
آیت نمبر۶	97
مسلمانو! ذرا غور کرو	=
آیت نمبر۷	99
”اہل حدیث کی حدیث میں خیانت“	102
قادیانی راستہ۔۔۔قرآن مجید کے بعد حدیث میں تحریف	=
اہلِ حدیث (غیر مقلد وہابیوں) کی حدیث دشمنی	=
صحاحِ ستہ میں غیر مقلدانہ تحریف	=
مکتبہ دار السلام (لاہور) کی حدیث دشمنی	=
غوثِ اعظم شیخ عبد القادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کتاب میں تحریف	104
اکابرین کی کتب میں علمی خیانت اور تحریف	105
تبلیغی جماعت (رائیونڈ والوں) کی درود دشمنی	106

Marfat.com

عنوان	صفحہ	عنوان	صفحہ
اہلحدیث (وہابیوں) کی مزارِ مصطفوی ﷺ کے ساتھ دشمنی	107	ایک مجلس کی تین طلاقیں اور حلالہ شرعی	113
"مکہ مدینہ والوں کے اہلحدیثوں سے شدید اختلافات"	108	"نماز میں ستر ڈھانپنا، بدن، کپڑوں اور جگہ کا پاک ہونا، سر ڈھانپنا، ہاتھ باندھنا، بسم اللہ بلند آواز سے پڑھنا اور آیات کا جواب بلند آواز سے دینا"	114
سعودی وہابیوں اور پاکستانی وہابیوں میں شدید اختلافات	109	امام کے پیچھے سورۃ فاتحہ پڑھنا اور مدرک رکوع کی رکعت کا شمار ہو جانا	116
(۱) مقام صحابہؓ اور اجماع صحابہؓ	=	"سجدے میں جانا اور سجدے سے کھڑا ہونا اور آخری قعدہ میں بیٹھنے کا طریقہ"	117
سعودی وہابیوں کا مسلک اور پاکستانی وہابیوں اہلحدیث (غیر مقلدین) کا مسلک	=	"نماز وتر، نماز تراویح، نماز جنازہ اور نماز جمعہ (کیلئے دو آذنیں اور خطبہ)"	118
(۲) فقہ اجتہاد ائمہ، قیاس شرعی اور تقلید ومقلدین	110	عورتوں مردوں کی نماز میں فرق	119
(۳) اہلحدیث نام، محمدی لقب اور ایصال ثواب وعذاب قبر کے بارے میں عقیدہ	111	کیا ان لوگوں کو آپ پہچانتے ہیں؟	120
عقیدہ حیات النبی ﷺ وسلم فی القبر، حضور ﷺ پر درود وسلام اور روضہ اقدس کی خدمت وحفاظت	112	اعلیٰ حضرت کا پیغام مسلمانوں کے نام	122

Marfat.com

انتساب

اپنے پیارے **والدین** کے نام جن کی شفقت ومحبت اور دعاؤں سے اس قابل ہوااور اپنے شیخ کامل پیر طریقت حضرت علامہ مولانا ابو محمد **عبد الرشید قادری** فیصل آبادی رحمۃ اللہ علیہ اور تمام سنی **اساتذہ کرام** جن کی علمی وروحانی تربیت سے مجھے اللہ تعالیٰ نے نجدی وہابی فتنے سے نجات دی اور **مسلک حق اہل سنت** کی طرف رہنمائی فرمائی۔

''گر قبول افتد زہے عز وشرف''

محمد سلیمان قادری، جامعہ نعیمیہ لاہور

05جون2010ء

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدک یا اللہ الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ

میری یہ تالیف "میں سنی کیوں اور کیسے ہوا" اس کے لکھنے کا سبب یہ بنا کہ مجھے میرے دور کے رشتے میں چچانے جو کہ اس وقت تبلیغی جماعت کے ساتھ تبلیغ پر جاتے تھے۔انہوں نے اہلحدیثوں کے مدرسہ جامعہ محمدیہ مدینہ مارکیٹ مظفر آباد آزاد کشمیر میں درسِ نظامی پڑھنے کیلئے داخل کروایا میں نے اپنے اہل حدیث اساتذہ مولانا محمد یونس اثری مہتمم جامعہ محمدیہ مظفر آباد، صدر مدرس مولانا محمد شریف سلفی، مولانا محمد عبداللہ دیوبندی، مولانا عبد الرشید سے ابتدائی کتب تقویۃ الایمان، نخبۃ الحدیث ابواب الصرف اور ترجمہ قرآنِ پاک پڑھنے کے بعد جب گھر گیا تو جمعرات کا دن تھا والدین نے کہا کہ فوت شدہ مسلمانوں کیلئے دعا مانگو تو میں نے کہا تمام دن اور راتیں برابر ہیں جمعرات کو دعا مانگنا جائز نہیں یہ بدعت ہے مجھے یہی سکھایا گیا تھا۔حالانکہ جمعرات کو دُعا کرنا قرآن وحدیث سے ثابت ہے۔

(جامع البیان رقم الحدیث ۱۵۲۴۹ مطبوعہ بیروت، تفسیر مظہری زیر آیت نمبر ۹۸ سورہ یوسف)

فضائل اعمال باب فضائل قرآن ص نمبر ۲۷۳ حضور علیہ السلام نے حضرت علی المرتضٰی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو دعائے حفظِ قرآن تعلیم فرمائی کہ اسے شب جمعہ (جمعرات) کو پڑھنا اس طرح کہ حمد وثناء کے بعد مجھ پر اور سابقہ انبیاء پر صلوٰۃ وسلام کے بعد تمام مومنین اور مومنات کی استغفار کرو اور اپنے فوت شدہ مسلمانوں کیلئے دعا کرو الخ۔

(سنن ترمذی رقم الحدیث ۳۵۷۰)

یعنی عام مسلمانوں کا طریقہ ہے۔جمعرات کو دعا مانگنا لیکن دیوبندی وہابی اسے بدعت کہہ کر منع کرتے ہیں۔مختصر یہ کہ میں نے جمعرات کی دعا مانگنے سے انکار کر دیا پھر والدین نے فرمایا کہ کل جمعۃ المبارک ہے ہمارے علاقے میں ایک صاحب

Marfat.com

کرامت ولی کی درگاہ ہے وہاں دعا مانگنے کیلئے جانا ہے۔ میں نے والدین سے کہا قبروں پر جانا شرک ہے میری یہ باتیں سن کر والدہ محترمہ مرحومہ (نور اللہ مرقدھا) اتنی پریشان ہوئیں کہ ان کی آنکھوں سے آنسو نکل آئے اور فرمانے لگیں بیٹے میں نے تمھیں دینی مدرسہ میں اس لیے داخل کروایا تھا تاکہ تم میرے لئے بخشش کی دعا مانگو تم تو دعا مانگنے کو بدعت اور قبروں پر جانے کو شرک کہتے ہو اس سے بہتر تھا کہ تم سکول ہی پڑھتے۔

اسی رات وہ بزرگ خواب میں تشریف لائے فرمانے لگے فکر نہ کرو ٹھیک ہو جائیگا۔ اس دوران میں نے رفع یدین بھی شروع کر دیا جب گھر جاتا اپنے اہل علاقہ اور گھر والوں کے سامنے رفع یدین کرتا تو تمام لوگ تعجب سے دیکھتے اور مذاق اُڑاتے کیونکہ اس سے پہلے ہمارے پورے علاقے میں کوئی اہلحدیث نہ تھا۔ میں ہاتھ سینے پر باندھتا بلند آواز سے آمین کہتا اپنے رشتہ داروں کو درباروں پر جانے سے دعا مانگنے سے سختی سے منع کرتا وہ آیات جو بتوں کے متعلق نازل ہوئیں وہ انہیں پڑھ کر سناتا کیونکہ وہ آیات غیر مقلدین کے ہاں ابتدائی طلباء کو زبانی یاد کرادی جاتیں ہیں میری ان باتوں سے خاندان میں بالخصوص بھائیوں میں نا اتفاقی ناچاقی کی صورت حال پیدا ہو چکی تھی۔

اس لئے یہ فیصلہ ہوا کہ اس مدرسہ سے نکالا جائے مذکورہ تبلیغی جماعت والے چچا سے مشورہ کیا گیا تو اس نے کہا لاہور لیجا کر جامعہ اشرفیہ مسلک دیوبند میں داخل کرادیں جامعہ اشرفیہ میں پڑھنے کیلئے میں لاہور آ گیا اس دوران بادامی باغ بنگالی باغ لاہور میں دیوبندیوں کی ایک مسجد میں امامت کرانے لگا اور ساتھ اپنی پڑھائی بھی جاری رکھی۔ چونکہ کافی عرصہ غیر مقلدین کے مدرسہ میں پڑھتا رہا اس دوران میں نے دیکھا کہ دیوبندی اور اہلحدیث ایک دوسرے کے خلاف تقریریں کرتے اور مناظرے کرتے ہیں لیکن اس کے باوجود دونوں ایک دوسرے کے مدرسوں میں پڑھتے پڑھاتے ہیں اور آپس

Marfat.com

میں رشتہ داریاں بھی کرتے ہیں۔

بلکہ تبلیغی جماعت والے اہلسنت کے سادہ لوح عوام کو نمازوں کے نام پر ان کی مسجدوں میں لے جا کر غیر مقلد بنانے میں انکی معاونت بھی کرتے ہیں ان کے بچوں کو ان کے مدرسوں میں داخل کرا کر نجدی وہابی گستاخِ رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بنانے میں بھرپور تعاون کرتے ہیں غیر مقلدین سب سے پہلے بچے کو تقویۃ الایمان پڑھاتے ہیں جس کی وجہ سے بچہ اگر نجدی وہابی نہ بھی بنے دیوبندی ضرور بنتا ہے۔

کیونکہ ابتداء سے ہی اس کے ذہن میں اس بات کو پختہ کر دیا جاتا ہے کہ نعوذ باللہ نبی مر کر مٹی کے ساتھ مل گئے (تقویۃ الایمان ص ۸۶) انبیاء ہمارے بڑے بھائی اور ہم ان کے چھوٹے بھائی ہیں جو نبی کو غیب دان جانے وہ پکا مشرک ہے، (ایضاً ص ۳۱) جس کا نام محمد یا علی ہے وہ کسی چیز کا مالک ومختار نہیں (مکتبہ دارالاشاعت کراچی ص ۵۵) وغیرہ وغیرہ ایسے عقائد جو غیر مسلموں کو اسلام پر طعن وتشنیع کرنے کا موقع فراہم کریں جیسا کہ جب میں وہابی تھا تو میری لائبریری میں سے تقویۃ الایمان کتاب پڑھ کر ایک عیسائی نے مجھے کہا کہ مولانا آپ عیسائی مذہب قبول کر لیں جب میں نے کہا کیوں، تو اس عیسائی نے کہا یہ دیکھو تمہاری کتاب میں لکھا ہے جس کا نام محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، یا علی ہے وہ کسی چیز کا مالک ومختار نہیں جبکہ تمہارا قرآن کہتا ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام کہا کرتے تھے "وابری ء الاکمه والابرص واحی الموتیٰ باذن الله" (آل عمران ۴۹)

اور میں شفا دیتا ہوں مادر زاد اندھے اور سفید داغ والے کو اور میں مردے زندہ کرتا ہوں اللہ کے حکم سے۔ (ترجمہ کنز الایمان)

اس طرح اس عیسائی مبلغ نے دوسرا اعتراض یہ کیا کہ یہ دیکھو تمہاری کتاب میں لکھا ہے کہ تمہارے نبی نے کہا کہ میں مر کر مٹی میں ملنے والا ہوں جبکہ تمہارا قرآن پاک کہتا ہے

کہ عیسیٰ علیہ السلام آسمانوں پر زندہ ہیں۔

توتم زندہ نبی کا کلمہ پڑھو، مردہ نبی کا کلمہ کیوں پڑھتے ہو؟

تیسرا اعتراض اس نے یہ کیا کہ دیکھو کہ تمہاری کتاب میں لکھا ہے کہ جو نبی کو غیب دان جانے وہ پکا مشرک ہے۔

جبکہ قرآن پاک میں لکھا ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام اعلان کیا کرتے تھے۔"وانبئکم بما تاکلون وما تدخرون فی بیوتکم" (آل عمران ۴۹)

"اور تمہیں بتاتا ہوں جو تم کھاتے اور جو اپنے گھروں میں جمع رکھتے ہو" لہٰذا جو نبی غیب جانتا ہے اس کا کلمہ پڑھو، بے علم نبی (نعوذ باللہ) کا کلمہ کیوں پڑھتے ہو؟ عیسائی کے ان اعتراضات کا میرے پاس کوئی جواب نہ تھا حالانکہ اس نے یہ سارے اعتراض دیوبندیوں اور غیر مقلدین کے متفقہ مولوی اسماعیل دہلوی کی کتاب سے پڑھ کر کیے تھے اس کے ان اعتراضات کو لیکر میں پہلے ایک دیوبندی عالم کے پاس گیا لیکن وہ تسلی بخش جواب نہ دے سکا پھر بریلوی مکتبہ فکر کے عالم قاری محمد یوسف صدیقی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے پاس گیا۔

انہوں نے کہا بیٹے اس عیسائی کو یہ کہو جس کتاب سے تم نے جو اعتراضات کیے ہیں دراصل یہ لوگ تمہارے ہی پروردہ ہیں جو کہ اسلام پر بدنما داغ ہیں حقیقت میں جمہور اہل اسلام کے یہ عقائد نہیں. جمہور اہل اسلام کا یہ عقیدہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو مالک ومختار بنا کر بھیجا ہے اگر حضرت عیسیٰ علیہ السلام نابیناؤں کو بینا کرتے اور بیماروں کو تندرست کرتے ہیں اور اللہ جل جلالہ کے حکم سے مُردوں کو زندہ کرتے ہیں تو ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پتھروں کو کلمہ پڑھاتے ہیں درخت ان کو سلام کرتے ہیں چاند دو ٹکڑے کرتے اور ڈوبے ہوئے سورج کو واپس لاتے ہیں۔

جیسا کہ امام اہلسنت مجدد دین وملت امام احمد رضا خان بریلوی فرماتے ہیں۔

جن کے تلووں کا دھوون ہے آب حیات

ہے وہ جان مسیحا ہمارا نبی

دوسرے اعتراض کا جواب قبلہ قاری صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا کہ ہمارے آقا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تو زندہ ہیں نہ صرف آپ زندہ ہیں بلکہ آپ کے نام پر سر کٹانے والے غلام بھی زندہ ہیں۔ جس پر قرآن گواہ ہے۔

ولاتحسبن الذین قتلوافی سبیل الله اموات بل احیاء عندربهم یرزقون۔

(آل عمران ۱۶۹)

﴿ترجمہ﴾

اور جو اللہ کی راہ میں مارے گئے ہر گز انہیں مردہ نہ خیال کرنا بلکہ وہ اپنے رب کے پاس زندہ ہیں روزی پاتے ہیں۔

﴿حدیث مبارکہ﴾

ہمارے آقا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا" **اکثرو الصلوٰۃ علی یوم الجمعة فانه مشهود یشهده الملائکة وان احدا یصل علی الا عرضت علیٰ صلوٰته حتیٰ یفرغ منها قال قلت وبعد الموت قال ان الله حرم علی الارض ان تاکل اجساد الانبیاء فنبی الله حی یُرزق**"

(رواہ ابن ماجہ ص ۷۶، مشکوٰۃ ص ۱۲۱، قدیمی کتب خانہ کراچی)

﴿ترجمہ﴾ حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا مجھ پر روز جمعہ کثرت سے صلوٰۃ پڑھا کرو وہ یوم مشہود ہے فرشتے اس دن حاضر ہوتے ہیں جو بھی کوئی مجھ پر صلوٰۃ پڑھتا ہے وہ میری بارگاہ میں پیش کیا جاتا ہے یہاں

تک کہ وہ صلوٰۃ پڑھ کر فارغ ہو جاتا ہے حضرت ابودرداءؓ کہتے ہیں کہ میں نے عرض کیا کہ کیا آپ کے وصال کے بعد بھی آپ پر ہمارا صلوٰۃ وسلام پیش کیا جائے گا؟ (جوابا) حضور علیہ السلام نے فرمایا بے شک اللہ تعالیٰ نے زمین پر انبیاء کے جسموں کو کھانا حرام کیا ہے اللہ کا نبی زندہ ہوتا ہے اسے رزق دیا جاتا ہے۔ (الحدیث)

معلوم ہوا کہ تمام انبیاء اپنی اپنی قبروں یعنی عالم برزخ میں زندہ ہیں۔ ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زندہ ہونے کا ثبوت تو ہمارے پہلے کلمہ میں موجود ہے لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم)

نہیں کوئی معبود مگر اللہ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں۔

امام اہلسنت نے مسلمانوں کے اسی عقیدے کی یوں ترجمانی فرمائی

تو زندہ ہے واللہ تو زندہ ہے واللہ
میری چشم عالم سے چھپ جانے والے

رہا تیسرا اعتراض تو ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو تو جو کچھ ہو چکا اس کا بھی علم ہے اور جو کچھ قیامت تک اور قیامت کے بعد ہوگا اس سب کا علم ہے بلکہ اس رب کو بھی دیکھا جو تمام غیبوں کا غیب ہے۔

جیسے کہ حدیث میں آتا ہے کہ رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا

رایت ربی فی احسن صورۃ (ترمذی بحوالہ مشکوۃ ص ۶۹)

﴿ترجمہ﴾ میں نے اپنے رب کو سب سے حسین صورت میں دیکھا۔

اعلیٰ حضرت نے اس حدیث کا مفہوم یوں تحریر فرمایا

اور غیب کیا تم سے نہاں ہو بھلا
جب نہ خدا ہی چھپا تم پر کروڑوں درود

Marfat.com

عیسائی کے ان اعتراضات نے میرے دل کی دنیا بدل دی میں نے تنہائی میں سوچا کہ جن نام نہاد علماء نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی گستاخیاں لکھی ہیں اور جو ان کی گستاخیوں کی غلط تاویلیں کرتے ہیں وہ حقیقت میں اسلام کے دشمن اور دشمنانِ اسلام کے ایجنٹ ہیں۔"**یهی سبب بنا میں سنی هونے کا**"

گستاخی کرنے والے کسی بھی شخص کی طرف داری نہیں کرنی چاہیے۔خواہ اس کا تعلق کسی بھی فرقے کے ساتھ ہو قبر و حشر میں حضور علیہ السلام نے ہی کام آنا ہے اور حضور علیہ السلام کے دامن سے وابستہ رہنے میں ہی دونوں جہانوں کی کامیابی ہے بقول شاعر۔

ے دو جہاں میں گر مطلوب آرام ہے
ان کا دامن تھام لو جن کا محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) نام ہے

جبکہ وہابیوں دیوبندیوں کے ایسے عقائد ہیں جو کہ حضور علیہ السلام کی توہین پر مشتمل ہونے کی وجہ سے غیر مسلموں کو اسلام اور بانیء اسلام علیہ الصلوٰۃ والسلام پر طعن و تشنیع کرنے کا موقع فراہم کرتے ہیں اسی لئے علمائے عرب و عجم نے ایسے نام نہاد علماء کے خلاف کفر کا فتویٰ دیا ہے تفصیل کیلئے حسام الحرمین کا مطالعہ کریں۔میں چونکہ ان میں پڑھتا رہا اس لئے چاہا کہ ایسی کتاب لکھوں جس میں غیر مسلموں کے ان ایجنٹوں کو بے نقاب کیا جائے اس کتاب میں غیر مقلدین کون ہیں؟ غیر مقلدین کو اہلحدیث کس نے اور کیوں بنایا؟ اصولی عقائد میں غیر مقلدین اور دیوبندی ایک جیسے دیوبندیوں کی دوغلی پالیسی اور آخر میں اہل سنت اور غیر مقلدین کے درمیان اختلافی مسائل کی جامع فہرست اختلاف مسائل کے جوابات قرآن وحدیث کی روشنی میں نقل کیے ہیں اور آخر میں حنفی مسلمان جس طریقہ سے نماز پڑھتے ہیں وہ حدیث سے ثابت ہے اس کیلئے احادیث بھی نقل کی ہیں تاکہ پڑھنے والے کو تسلی ہو۔اور چند قرآنی آیات کا تقابلی جائزہ بھی پیش

Marfat.com

کیا اور آخر میں پاکستانی وہابیوں اور سعودی وہابیوں کے درمیان شدید اختلافی چارٹ بھی پیش کیا۔ تا کہ ہر مسلمان ان مذہبی بہروپیوں کو خوب پہچان کر اپنی ایمان کی دولت کو جو کہ قبر وحشر میں کام آنی ہے، بچا سکے۔

"اس کتاب کی تخریج میں میرے ساتھ معاونت کرنے والے ساتھی مولانا علامہ محمد نواز خان نظامی صاحب مدرس جامعہ نعیمیہ، مولانا حافظ عامر سہیل متعلم دورہ حدیث حافظ محمد عمر فاروق متعلم درجہ خامسہ، حافظ محمد فاروق حیدر نعیمی کمپوزر اور ناشر حافظ محمد ذیشان صابری کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے اپنے قیمتی اوقات میں سے وقت نکال کر میرے ساتھ معاونت فرمائی اللہ تعالیٰ ان سب کی مساعی جمیلہ کو اپنی بارگاہ میں اپنے حبیب کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وسیلہ جلیلہ سے مقبول فرمائے۔ میرا، میرے والدین، میرے جملہ اساتذہ کرام، تلامذہ اور اولاد سب کا خاتمہ ایمان پر فرمائے"

"اللھم ارِنا الحق حقاً وارزقنا اتباعہ وارنا الباطل باطلاً وارزقنا اجتنابہ آمین ثم آمین بجاہ النبی الامین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ الہ واصحابہ اجمعین"

خادم العلماء والطلباء

محمد سلیمان قادری

المتوطن بھیڑی مظفر آباد آزاد کشمیر

مدرس جامعہ نعیمیہ گڑھی شاہو لاہور

Marfat.com

پہلا باب

غیر مقلد کی تعریف

جو نہ خود اجتہاد کر سکے اور نہ کسی کی تقلید کرے، یعنی نہ مجتہد ہو اور نہ ہی مقلد ہو، جیسے ملک میں ایک حاکم ہوتا ہے اور باقی رعایا، لیکن جو نہ حاکم ہو نہ رعایا بنے وہ ملک کا باغی ہوتا ہے یہی حال غیر مقلد کا ہے۔

غیر مقلد اور مجتہد میں فرق

غیر مقلد اور مجتہد میں فرق سمجھنے کے لئے یہی مثال کافی ہے کہ مجتہد فقیہ، ایم بی بی ایس، ڈاکٹر کی طرح ہوتا ہے جیسے کہ ایک سند یافتہ ڈاکٹر اگر بالفرض کسی مریض کو دوا غلط بھی دے دے تو مجرم نہیں ہوگا، لیکن اگر کوئی اناڑی شخص اپنے اٹکل پچو سے کسی کو دوا غلط دے دے تو وہ شرعاً و قانوناً مجرم ہوگا، اسی طرح اگر کوئی جج کسی ملزم کو سزا دے دے تو وہ صحیح ہو گا اگر چہ وہ ملزم حقیقتاً مجرم نہ بھی ہو بشرطیکہ جج کو ثبوتِ جرم مل جائے۔ لیکن اگر کوئی عام شخص قانون کو ہاتھ میں لے کر خود ہی منصف بن بیٹھے اور لوگوں کو سزا دینا شروع کر دے تو ایسا شخص دنیاوی جیل کا مستحق ہوگا، اسی طرح اگر کوئی غیر مقلد جو قرآن وحدیث سے مسائل اخذ نہیں کر سکتا اور خود ہی اپنے اٹکل پچو سے اجتہاد و قیاس کرتا ہے تو وہ شرعاً مجرم ہے۔ اور آخروی جیل کا مستحق بھی ہے۔ لیکن اگر کوئی فقیہ مجتہد جو قرآن وحدیث سے مسائل کا استنباط کر سکتا ہے تو اس کو اجتہادی خطا پر بھی ثواب ملے گا۔

Marfat.com

دوسرا باب

غیر مقلدین کی مختصر تاریخ

ومنهم من يلمزك فی الصدقت فان اعطو امنها رضو او ان لم يعطوا منها اذاهم يسخطون۔ (سورۃ التوبۃ ۵۸)

﴿ترجمہ﴾ اوران میں سے کوئی وہ ہے کہ صدقہ بانٹنے میں آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر طعن کرتا ہے، تو اگر ان کو اس میں سے کچھ ملے تو راضی ہو جائیں اور نہ ملے تو ناراض، یہ آیت مبارکہ ذوالخویصرہ کے بارے میں نازل ہوئی اس شخص کا نام جوحرقوص بن ذخیرہ ہے اور یہی خوارج کی اصل بنیاد ہے چنانچہ بخاری اور مسلم میں ہے۔

"عن ابی سعید رضی الله تعالیٰ عنه قال بينا النبی صلی الله تعالیٰ عليه وسلم يقسم جاء عبد الله بن ذی الخويصره التميمی فقال اِعدِل يارسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم فقال ويحك ومن يّعدل اذالم اعدل قال عمر بن خطاب ائذ ن لی فاضرب عنقه قال دعه فان له اصحاباً يحقر احدكم صلاته مع صلاته وصيامه مع صيامه يمرقون من الدين كما يمرق السهم من الرميه"

﴿ترجمہ﴾ حضرت ابوسعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مال غنیمت تقسیم فرمار ہے تھے تو ذوالخویصرہ جو قبیلہ بنی تمیم کا رہنے والا تھا اس نے کہا: یارسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عدل کیجئے! حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کمبخت میں نہ عدل کروں گا تو عدل کون کریگا۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا: مجھے اجازت دیں کہ اس منافق کی گردن اتار دوں تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے

Marfat.com

فرمایا کہ اسے چھوڑ دو! اس کے اور بھی بہت سے ساتھی ہیں کہ تم ان گی نمازوں کے سامنے اپنی نمازوں کو اور ان کے روزوں کے سامنے اپنے روزوں کو حقیر سمجھو گے (ان سب ظاہری خوبیوں کے باوجود) وہ دین سے ایسے نکل جائیں گے جیسے تیر کمان سے نکل جاتا ہے۔

(بخاری شریف ج ۲، ص ۱۰۲۴ قدیمی کتب خانہ کراچی، مشکوٰۃ شریف ص ۵۳۵)

اسی طرح حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ ایک دن حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے شام اور یمن کے لئے اس طرح دعا مانگی۔

اللهم بارك لنافی شامنااللهم بارك لنافی یمنناقالوایارسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فی نجدناقال اللهم بارك لنافی شامنااللهم بارك لنافی یمنناقالوایارسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم وفی نجدنافاظنه قال فی الثالثة هناك الزلازل والفتن وبهایطلع قرن الشیطان۔

(مشکوٰۃ شریف ص ۵۸۲ قدیمی کتب خانہ کراچی)

﴿ترجمہ﴾ اے اللہ! ہمارے لئے شام اور یمن میں برکت فرما (دعا کے وقت نجد کے کچھ لوگ بیٹھے ہوئے تھے) انہوں نے عرض کی اور ہمارے نجد میں یارسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم! آپ نے پھر وہی دعا کی اے اللہ! ہمارے لئے شام اور یمن میں برکت نازل فرما تو پھر انہوں نے عرض کیا اور ہمارے نجد میں یارسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم! راوی کا بیان ہے کہ تیسری مرتبہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا! وہاں زلزلے اور فتنے ہوں گے اور وہاں سے شیطان کا سینگ (فتنہ وہابیت) نکلے گا۔

مذکورہ حدیث کے آخر میں فرمان نبوی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وبها یطلع قرن الشیطان، یہاں قرن کے معانی ہیں گروہ، سینگ شیطان کے پیروکار۔ (مصباح اللغات)

Marfat.com

اگر قرن الشیطان کا معنی شیطانی سینگ کیا جائے تو مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں نجدیوں کو شیطان کا سینگ کہنے کی تین وجوہات ہیں۔

(۱) سینگ والے جانور کے سارے اعضاء میں سے سخت تر سینگ ہوتے ہیں، یہ ٹولہ بھی انبیاء اور اولیاء کی عداوت میں شیطان سے سخت ہے۔

(۲) ہمیشہ سینگ والا جانور سینگوں سے لڑتا ہے کہ سامنے والے کے مقابل سینگ کرتا ہے اور خود پیچھے سے زور لگاتا ہے۔

(۳) سینگ والا جانور جب کسی گھر میں داخل ہوتا ہے تو پہلے سینگ داخل کرتا ہے باقی اعضاء بعد میں اسی طرح شیطان دوزخ میں پہلے ان کو داخل کرے گا بعد میں خود جائے گا۔

(مرآۃ المناجیح ج۹،ص۵۷۹،نعیمی کتب خانہ گجرات)

لا ملئنّ جهنم منك وممن تبعك منهم اجمعين۔ (ص ۸۵)

﴿ترجمہ﴾ بے شک میں ضرور جہنم بھر دوں گا تجھ سے اور ان سے جنہوں نے تیری پیروی کی سب سے۔

تیسری روایت

ایک اور حدیث پاک ہے جس کا ترجمہ ذکر کیا جاتا ہے کہ گستاخی پر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کے متعلق ارشاد فرمایا کہ اس کی نسل سے ایک جماعت پیدا ہوگی، جو قرآن پڑھے گی، لیکن قرآن پاک ان کی حلق سے نیچے نہیں اترے گا، وہ دین سے ایسے نکل جائیں گے جیسے تیر شکار سے نکل جاتا ہے، وہ مسلمانوں کو قتل کریں گے اور بت پرستوں کو چھوڑ دیں گے۔ (مشکوۃ شریف ص ۵۳۵ قدیمی کتب خانہ کراچی)

ان مذکورہ احادیث میں نبی پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بہت پہلے نجد فتنوں کے اٹھنے اور گستاخ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ذوالخویصرہ کی نسل سے ایک ایسی

Marfat.com

جماعت کے پیدا ہونے کی خبر دی تھی کہ جو مسلمانوں کو قتل کرے گی اور بت پرستوں کو چھوڑ دے گی ،تو نبی پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ارشاد کے مطابق اسی خاندان میں محمد بن عبدالوہاب نجدی پیدا ہوا، جس کی ذات سے نجدی فتنہ پیدا ہوا۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی پیشن گوئی حرف بہ حرف درست ثابت ہوئی کہ اس نے مسلمانوں کا قتل عام کیا مگر بت پرستوں کو چھوڑ دیا۔اسکی صورت یہ ہوئی کہ محمد بن عبدالوہاب نجدی نے مسلمانوں کی دو قسمیں ٹھہرائیں۔

۱) مشرک

۲) موحد مسلمان

جو اس کی من گھڑت توحید کو مانتا اسے وہ موحد مسلمان قرار دیتا اور باقی مسلمانوں کو "مشرک" ٹھہرا کر ان کی جان و مال، کے حلال ہونے کا فتویٰ دیتا انہیں قتل کرتا اور ان کے گھروں کو لوٹتا اس لئے شروع میں لوٹ مار کے شوقین اور لالچی اس کی جماعت میں شامل ہوئے پھر آہستہ آہستہ دوسرے بہت سے لوگ اس کے ساتھ ہو گئے جن کے ہاتھوں ہزاروں بے گناہ مسلمان قتل ہوئے اور لاکھوں گھر تباہ و برباد ہو گئے (ص ۳۰ غیر مقلدین کے فریب)

چنانچہ حضرت علامہ ابن عابدین شامی رحمۃ اللہ تعالیٰ تحریر فرماتے ہیں:

"محمد بن عبدالوہاب کے ماننے والوں نے نجد سے آ کر مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ پر زبردستی قبضہ کر لیا اور وہ لوگ اپنا مذہب حنبلی بتاتے ہیں لیکن ان کا عقیدہ یہ ہے کہ صرف وہی لوگ مسلمان ہیں"۔

"اور جو ان کے اعتقاد کی مخالفت کریں وہ مشرک اور کافر ہیں اس لیے ان لوگوں نے اہلسنت و جماعت اور ان کے علماء کے قتل کو جائز ٹھہرایا"۔(درمختار ج ۳،ص ۳۰۹)

Marfat.com

غیر مقلدین کے ساتھ اختلاف کی نوعیت

امت مسلمہ ملت واحدہ کی صورت میں دنیا بھر کی اقوام میں مثالی حیثیت سے چل رہی تھی۔

ان کا خدا ایک تھا ان کا عظیم المرتبت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک تھا۔ ان کا مرکز اتحاد کعبۃ اللہ ایک تھا اور ان کی کتاب بھی ایک تھی اور وہی کتاب بنی نوع انسان کے لیے خدائے ذوالجلال کا آخری پیغام تھی۔ اس کتاب برحق نے اپنے ماننے والوں کو حکم دیا:۔

"واعتصمو ابحبل اللہ جمیعا ولاتفرقوا" (آل عمران، ۱۰۳)

﴿ترجمہ﴾ اور اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھام لو سب مل کر اور آپس میں پھٹ نہ جانا (فرقوں میں نہ بٹ جانا)۔

تفرقہ کو اس کتاب نے شرک کے مترادف قرار دیا۔

ہمارے پیارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ملت کو متحد رہنے کی تاکید فرمائی۔ کونو عباد اللہ اخوانا کا نورانی حکم فرمایا باہمی جنگ وقتال سے اپنے عظیم الشان آخری خطبہ حجۃ الوداع میں سختی سے روکا تھا۔

مسلمان ان احکام کی وجہ سے فقہی اختلافات کے باوجود باہم شیر وشکر ہو کر رہے اگر کسی گروہ پر کوئی مصیبت یا مشکل آپڑی تو دوسرے گروہ نے آگے بڑھ کر اس کا ہاتھ پکڑا دینی اور دنیاوی امداد سے نوازا، یہ سارا کام دینی فریضہ سمجھ کر کیا سوچوں کے انداز الگ تھے لیکن ان سب کا مدعا اعلاء کلمۃ اللہ تھا اور سب کا مقصد توحید اور غلبہ اسلام تھا۔ وہ زبان، قلم اور عمل سے اور پھر تلوار سے اسلام کی خدمت کرتے رہے ان کی ان مساعی جمیلہ کے صدقہ میں ہم تک اسلام پہنچا مسلمان اپنے اللہ کریم کے فرمان اور اپنے پیارے نبی

Marfat.com

رؤف الرحیم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ارشاد کی روشنی میں اپنے محبوب نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اپنی جان اولاد اپنے ماں باپ اور مال وطن سے زیادہ عزیز رکھتے تھے۔

وہ سمجھتے تھے کہ سارے کا سارا اسلام محور نبوت کے ارد گرد گھومتا ہے۔ اس لئے وہ اپنی آنے والی نسلوں کو علامہ اقبال کی زبان میں وصیت کرتے تھے۔

بمصطفیٰ برساں خویش را کہ دیں ہمہ اوست

گر بہ او نہ رسیدی تمام بولہبی است

اور انہیں قرآن پاک کی یہ آیات مبارکہ اچھی طرح یاد تھیں

من یطع الرسول فقد اطاع اللہ (النساء، ۸۰)

﴿ترجمہ﴾ جس نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا حکم مانا اس نے اللہ تعالیٰ کا حکم مانا۔

ماآتکم الرسول فخذوہ ومانھکم عنہ فانتھوا (حشر، ۷)

﴿ترجمہ﴾ جو تمہیں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عطا کریں وہ لے لو اور جس سے روک دیں اس سے باز آجاؤ۔

قل ان کنتم تحبون اللہ فاتبعونی یحببکم اللہ (آل عمران، ۳۱)

﴿ترجمہ﴾ اے محبوب تم فرمادو کہ لوگو اگر تم اللہ کو دوست رکھتے ہو تو میرے فرمانبردار ہو جاؤ اللہ تمہیں دوست رکھے گا۔ اور اپنے پیارے آقا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا یہ ارشاد بھی یاد تھا "لا یؤمن احدکم حتی اکون احب الیہ من والدہٖ وولدہ والناس اجمعین" (مشکوٰۃ شریف)

"تم میں سے کوئی اس وقت تک کامل مومن نہیں ہو سکتا جب تک وہ مجھے اپنے باپ، بیٹے اور تمام لوگوں سے بڑھ کر محبوب نہ سمجھے"۔

Marfat.com

مسلمانوں کی تاریخ شاہد ہے کہ انہوں نے سرکار دوعالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی محبت کو اپنے ایمان کی جان قرار دیا۔

مغز قرآں جان ایماں روح دین
ہست حب رحمۃ اللعلمین

روز اول سے لے کر آخر تک مسلمانوں کا یہی شعار رہا اور صبح قیامت تک یہی طریقہ کار رہے گا۔

ادیانِ باطلہ کے پیروکار سمجھتے تھے کہ جب تک عشق رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا گلشن مسلمانوں کے دلوں میں کھلا ہوا ہے اس وقت تک اسلام کے خلاف کوئی کوشش بھی کامیاب نہیں ہو سکتی، لہذا غیروں نے کوشش کی جس طرح ممکن ہو سکے ذات رسول پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اس غیر مشروط والہانہ محبت کی چاشنی کو ختم کر دیا جائے اور ذات رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صفات کو متنازعہ بنا دیا جائے تا کہ مسلمان آپس میں اُلجھ پڑیں۔

ان بحثوں کے ذریعے ان کے سینے سے عشق مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی روشن شمع کو گل کر دیا جائے، آپ اسلام کی پوری تاریخ پر نظر ڈالیں اس جارہ نامرضیہ پر سب سے پہلے ابن تیمیہ چلتے نظر آتے ہیں ان کی قلم سے آگ نکلتی ہے ان کے منہ سے افراق کے شرارے ابلتے ہیں۔

مسلمان ایک دوسرے کو فقہی اختلافات کے باوجود مسلمان سمجھتے تھے۔ مگر ابن تیمیہ پہلے انسان ہیں جنہوں نے مسلمانوں کو مشرک قرار دیا۔ قبروں کی زیارت کے خلاف فتویٰ دیا۔ ساری امت یارسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کہہ رہی تھی مگر ابن تیمیہ نے یہ محبت کا نعرہ لگانے والوں کو مشرک کہا۔

مسلمان اپنے اخلاق اور عقلی ونقلی دلائل سے لوگوں کو اسلام کی طرف دعوت دے رہے

Marfat.com

تھے لیکن ابن تیمیہ دنیائے اسلام کو شرک کی تلوار سے دونیم کر رہے تھے۔ ابن تیمیہ کے نظریات ان کے متوسلین کو اس حد تک عزیز ہیں کہ وہ قول ابن تیمیہ کی پیروی باعث نجات سمجھتے ہیں۔

حق جانشینی ادا کر دیا

ابن تیمیہ نے جو بیج بویا تھا اسے پانی دینے کے لیے محمد بن عبدالوہاب نجدی آگے بڑھے، شیخ نجدی نے ابن تیمیہ کے نظریات کو جدید تقاضوں کے مطابق ڈھالا۔

یہ وقت تھا جب مغربی استبداد کا دیو مسلمانوں کی گردنوں کو دبوچنے کے لئے اسلامی دنیا پر یلغار کر رہا تھا۔

استعماریت کا یہ شیطان جانتا تھا کہ جب تک مسلمان متحد ہیں اس کا خواب شرمندۂ تعبیر نہیں ہو سکتا۔ لہذا اس نے افتراق کے پودے کو پالنے کے لئے محمد بن عبدالوہاب نجدی کے قلم کو منتخب کیا۔

اگر مسلمانوں کی صفوں میں اتحاد ہوتا تو مغربی استعمار اسلامی دنیا کو مسخر کرنے میں ہرگز کامیاب نہ ہوتا مگر ان اندرونی سازشوں نے جن کی بنیاد ہی گستاخیٔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر رکھی گئی تھی، مسلمانوں کے گلے میں غلامی کا طوق ڈال دیا۔ اس گروہ نجدیہ نے کئی متفق علیہ مسائل وعقائد کو اختلاف بنا کر مسلمانوں کو مشرک قرار دینے میں وہ بے باکی اختیار کی کہ شیطان بھی اپنا دھندہ چھوڑ کر ہاتھ جوڑ کر بیٹھ گیا کہ لیجئے آپ نے ہمیں فارغ کر دیا اور ہمارا حق جانشینی ادا کر دیا۔

مٹھی بھر نجدیوں کے بغیر شیخ نجد کو سارا عالم اسلام مشرک نظر آنے لگا۔ مسلمانوں میں پہلے بھی تو مصلح پیدا ہوئے تھے مگر انہوں نے مسلمانوں میں گھل مل کر اپنے عمل سے وہ خرابیاں دور کیں جو قرآن وسنت کے خلاف تھیں، یہ دنیائے اسلام کا پہلا بزعم خویش مصلح تھا۔ جس نے ساری دنیائے اسلام کو شرک کی بھٹی میں تبدیل کر دیا اور پھر اصلاح کی تلوار لئے میدان

Marfat.com

میں اتر آیا بین الاقوامی سطح پر شیخ نجدی کے پیروکار نے ہمیشہ استعمار اور کفر کا ساتھ دیا۔

(تاریخ نجد و حجاز مصنف عبدالقیوم ہزاروی مطبوعہ لاہور)

(اسلام پر سامراجیت کے بھیانک سائے مصنف محمد میاں مظہری مطبوعہ کراچی)

جب انگریز کا اقتدار سمٹا اور جزائر برطانیہ کی محدود فضاؤں تک محدود ہو گیا۔ تو آلِ سعود اپنے نئے آقا کی تلاش میں نکل کھڑی ہوئی اور امریکہ کے وجودِ نامسعود کی صورت میں انہیں نیا آقا مل گیا۔

اب اس نئے آقا کے چشم و ابرو کے اشاروں پر ناچنا آل سعود کا دین بن گیا ہے وہ دنیائے اسلام کی ہر اس تحریک کی مخالفت کرتے ہیں، جو استعماریت کی دشمن ہے اور ہر اس تحریک پر جان نچھاور کرتے ہیں جو استعماریت کی لونڈی ہے۔ اس کی نوک پلک سنوارنا ان کا ایمان بن چکا ہے۔

اندرونِ ملک نجدیوں کے کارنامے

بیرونِ ملک تو ان کی یہ سیاست ہے اور اندرون ملک ان کا کارنامہ یہ ہے کہ

۱) مسلمان اس بات پر متفق ہیں کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد خلفائے راشدین اسلام کا معیار ہیں۔ خلفائے راشدین کے زمانے میں جس طرح مسلمان اپنے امیر کا چناؤ کرتے تھے اب بھی مرکز اسلام میں اس طرح چناؤ ہو تو جواب نفی میں ہوگا۔

۲) کسی بھی خلیفہ نے اپنی اولاد کو یہ حق نہیں دیا کہ نسل در نسل ایک ہی خاندان حکومت کرتا رہے تو پھر سعودی خاندان کو یہ مقام کیسے ملا؟

۳) پھر سوال یہ ہے کہ قانون اسلام نے رعایا کو یہ حق دیا ہے کہ وہ اپنے امیر سے برسر اجلاس کسی بات پر باز پرس کر سکتی ہے جس کی مثال سیدنا ابوبکر، فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے ادوار میں ملتی ہے۔ (تاریخ الخلفاء امام جلال الدین سیوطی)

Marfat.com

کیا آج مرکز اسلام پر شاہی خاندانوں کے حضور کسی مسلمان کو یہ جرأت ہے کہ وہ ایک لفظ بھی ان کے خلاف زبان سے نکال سکے۔ جس نے ایسی جسارت کی اسے ہمیشہ ہمیشہ کے لئے سعودی حکومت کے راستے سے ہٹادیا جاتا تھا ہے جس کی مثال یہ ہے کہ اخباری خبر کے مطابق ریاض کی جامع مسجد کے امام نے یہ جسارت کی تو اس کو بمعہ اس کے نوجوان بیٹے کے موت کے گھاٹ اتار دیا گیا۔

(مصنف حکیم محمد ریاض گوجرانوالہ خلیجی جنگ اور اختلاف امت)

نجدیوں کا مزارات کے خلاف جہاد

مرکز اسلام پر قابض نجدی جو اسلام کا دم بھرتے ہیں ان کا کردار یہ ہونا چاہیے تھا کہ امریکہ اور برطانیہ اور دوسرے ممالک جو مسلمانوں کے قلب میں زہر آلود نیزہ گاڑ رہے تھے ان سے باقاعدہ جہاد کا اعلان کیا جاتا اور مسلمانوں کو پکارتے کہ ہم ہر قسم کی مالی امداد دینے کیلئے تیار ہیں ان یہودیوں اور عیسائیوں سے مقابلہ کرو اگر یہ نہ کر سکتے تو کم از کم کمزور ایمان کی دلیل تو پیش کرتے کہ یہود و نصاریٰ سے مکمل بائیکاٹ کرتے ان سے ہر قسم کا لین دین بند کر دیتے۔ ان کے بینکوں سے اپنی دولت نکال لیتے۔ علیحدہ اسلامی بینک کا قیام عمل میں لاتے لیکن وہابیہ نجدیہ اپنے آقاؤں کو ناراض کرنا تو گوارہ نہ کر سکے ہاں انہوں نے یہ ضرور کیا کہ آسمان ملت کے درخشاں ستارے صحابہ کرام واہل بیت عظام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے مزارات پر انہوں نے بلڈوزر چلوادیے، قبرستانوں کو اکھاڑ پھینکا اور جنت المعلی، جنت البقیع کو اپنے جہاد کا نشانہ بنایا۔ ان کا جہاد کافروں کے خلاف نہیں ہوتا مسلمانوں کے خلاف ہوتا ہے۔ کہ انہیں مشرک قرار دیتے ہیں اور مسلمانوں کے مزارات کے خلاف ہوتا ہے کہ انہیں اکھاڑ پھینکتے ہیں۔

سعودیوں نے جس انداز میں قبرستانوں کی حرمت کو پامال کیا ہے اور عظیم المرتبت

Marfat.com

ستارگانِ ہدایت کی قبور کو تہس نہس کیا ہے اس کی مثال چودہ سو سال پرانی تاریخ ہی نہیں بلکہ انسانیت کی تاریخ پیش کرنے سے قاصر ہے۔

حاصل کلام

حاصل کلام یہ ہے کہ نجدی تحریک نے مسلمانوں کے مُسلمات کے خلاف زبان چلائی، قلم چلائی، اسلامی نظریات کو یقینیات اور ایمانیات سے نکال کر اوہام وشکوک کی دلدل میں ڈال دیا، قبور سے انتقام لیا، اور آثار رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو مٹا دیا۔

(تاریخ نجد وحجاز، مفتی عبدالقیوم ہزاروی مطبوعہ ضیاء القرآن گنج بخش روڈ لاہور)

آلِ نبوت اور صحابہ رسالت کے خلاف محاذ قائم کر کے ان کے مزارات کو اپنے مظالم کا تختہ مشق بنایا۔ اولیائے رحمان کے ساتھ تمسخر کیا قرآنی آیات کی من مانی تفسیریں کیں۔ بتوں کے خلاف نازل ہونے والی آیات کو اولیاء اللہ پر چسپاں کیا۔

وکان ابن عمر یراھم شرار خلق اللہ الذین اتخذوا آیات نزلت فی القرآن جعلوھا علی المومنین (بخاری شریف ۲،۱۰۲۴)

﴿ترجمہ﴾ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما اللہ کی مخلوق میں ان لوگوں کو بدترین مخلوق قرار دیتے تھے کہ جو آیات بتوں کے بارے میں نازل ہوتیں وہ انہیں اولیاء اللہ پر چسپاں کیا کرتے تھے۔

شفیع امم رحمتِ دوعالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے علومِ عالیہ کو شیطان کے علم سے بھی کم قرار دیا۔

اور اب امریکہ کے مقاصد کی ترجمانی ہو رہی ہے۔ لیلائے نجد امریکہ کی ناقہ کی حدی خواں بن گئی ہے آل سعود دنیائے نجدیت کے لئے اپنے ریالوں کی تجوریاں کھولے ہوئے

Marfat.com

ہے مسلمانوں کے خلاف شرک کے تیر برسائے جارہے ہیں۔ گروہ بندیاں ہورہی ہیں ملت کا شیرازہ بکھیرا جارہا ہے یارسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیک وسلم المدد اور یا علی مدد کہنے والے کو مشرک کہنے والے یا "استعمار المدد" اور "یا بش المدد" کی گردانیں پڑھ رہے ہیں۔

روضہء رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف منہ موڑ کر دعا مانگنے کو شرک کہنے والے وائٹ ہاؤس کے اندر جھانک جھانک کر دیکھ رہے ہیں بش یا کلنٹن خواب میں بڑبڑاتا ہے تو یہ گروہ اسے نجدی پر نازل ہونے والی وحی سمجھ کر قبول کرتا ہے۔ امریکی مسلمان پر گولیاں برساتے ہیں شیلنگ کرتے ہیں اور بم گراتے ہیں تو ان کا نعرہ ہوتا ہے مرحبا۔ ایں کار از تو آید و مرداں چنیں کنند

غیر مقلدین سے اختلاف کی قسمیں

اہل سنت کا غیر مقلدین کے ساتھ دو قسم کا اختلاف ہے۔

(۱) اصولی

(۲) فروعی

اصولی عقائد میں غیر مقلدین اور دیوبندی مشترک

ہمارا غیر مقلدین کے ساتھ اصل اختلاف عقائد میں ہے، میں یہاں غیر مقلدین کے چند اصولی عقائد کا مختصر ذکر کرتا ہوں دورِ حاضر کا ہر مسلمان ان کے نام اور مقام کو جانتا ہے اس موضوع پر ہمارے اکابر نے بہت کچھ لکھا ہے جن میں سے مندرجہ ذیل شخصیات کے نام تاریخ میں سنہری حروف سے لکھے جانے کے قابل ہیں۔

مولانا الشاہ احمد رضا خاں فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ نے سبحان السبوح الکوکبۃ الشہابیہ اہلاک الوہابیین، تمہید ایمان وغیرہم لکھیں امام فضلِ حق

Marfat.com

خیرآبادی علیہ الرحمۃ نے تحقیق الفتویٰ، غزالی دوراں سید امام احمد سعید احمد شاہ صاحب کاظمی رحمۃ اللہ علیہ نے "الحق المبین، تسبیح الرحمن، التبشیر برد التحذیر لکھیں۔

مذکورہ بالا بزرگان دین کے نقش قدم پر چلتے ہوئے ان حضرات کی کتب کے چند حوالے نقل کر دیتا ہوں تا کہ پتہ چل سکے کہ جمہور مسلمین کے خلاف کہاں کہاں ان حضرات نے نشتر چلائے ہیں۔اور تیر برسائے ہیں میں لاتعداد حوالوں میں سے صرف چند حوالے نقل کرنے پر کفایت کروں گا تا کہ میرا مقالہ طویل ہونے کی بنا پر موضوع سے ہٹ بھی نہ جائے اور نجدیت کی حقیقت بھی واضح ہو جائے۔

عقیدہ توحید اور نجدیت

توحید کا مدار اسلام ہے مسلمانوں کے سب طبقات اس بات پر متفق ہیں کہ ذات خداوندی وحدہ ہے لاشریک ہے اس کی ساری صفات حق ہیں وہی عبادت کے لائق ہے اور جاہل سے جاہل مسلمان بھی اس کے علاوہ کسی کو مستحق عبادت نہیں سمجھتا، مگر ان نجدیوں غیر مقلدوں نے عقیدہ توحید کی علمبرداری کا دعویٰ بھی کیا اور ذاتِ خداوندی کے بارے میں باتیں بھی کیں، جو کسی اعلیٰ شخصیت کے بارے میں بھی نہیں کی جاسکتیں، مثلاً جھوٹ اور کذب ایسی برائی ہے۔جس کے قبیح ہونے پر تمام امتیں متفق ہیں اس لیے اس کو قبیح لذاتہ قرار دیا گیا ہے۔

اللہ تعالیٰ خود صادق ہے اور سچ کو ہی پسند فرماتا ہے مسلمانوں کو بھی تاکید فرماتا ہے وکونوا مع الصادقین (التوبہ ۱۱۹)

"اور سچوں کے ساتھ ہو جاؤ"

"لعنت اللہ علی الکاذبین (آل عمران، ۶۱)

"تو جھوٹوں پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ڈالیں"

Marfat.com

مگر دوسری طرف آپ نجدیوں کی توحید بھی دیکھئے۔ اللہ تعالیٰ جھوٹ بولنے پر قادر ہے اور وہ فرشتوں اور انبیاء علیہم السلام پر جھوٹ کا القاء کر سکتا ہے۔

(رسالہ یک روزہ مصنف مولوی اسماعیل دہلوی ص ۱۷، ۱۸، فاروقی کتب خانہ ملتان)

ایک دوسرے صاحب بولے کہ افعال قبیحہ مقدور باری تعالیٰ ہیں۔

(الجہد المقل ص ۴۱، ۴۲ مصنف مولوی محمود الحسن مکتبہ ساڈھور)

میں تو یہاں صرف یہی لکھوں گا ساری دنیا کے مسلمان حکمران جیلیں توڑ دیں کیونکہ سب جیلیں افعال قبیحہ کی سزا کے لئے ہیں اور جب دربار سدا بہار نجد سے فتویٰ آگیا ہے کہ قبیحہ حرکتیں مقدور باری تعالیٰ ہیں۔ تو مجرموں بے چاروں کا کیا قصور ہے؟ انہیں جیل میں کیوں ڈالا جائے۔ اگرچہ اس موضوع پر بہت سی گوہر افشانی ان مصنفین کے دیگر ساتھیوں نے بھی کی ہے مثلاً رشید احمد گنگوہی نے فتاویٰ رشیدیہ میں

(فتاویٰ رشیدیہ)

مگر میں اپنے اندر ہمت نہیں پاتا کہ ان کی عبارات نقل کروں، بھلا وہ لوگ انسانوں کی قبیح حرکات ذات کبریا میں ثابت کرنے لگ جائیں ان سے یہ شکایت کون کرے کہ نبیوں کو اپنے جیسا بے مایہ انسان نہ کہو، ہاں صرف ایک اور عبارت ملاحظہ فرمائیں۔ تاکہ کچھ اندازہ ہو سکے۔

اے لیلائے نجد ایں ہم اور دہ تست

اور انسان خود مختار ہے اچھا کرے یا نہ کرے اللہ کو پہلے سے کوئی علم بھی نہیں کہ کیا کرے گا؟

بلکہ اللہ تعالیٰ کو اس کے کرنے کے بعد معلوم ہوگا۔

۱) واہ کتنی حسین عکاسی فرمائی ہے عقیدہ توحید کی اللہ تعالیٰ کو تب پتہ

Marfat.com

چلتا ہے جب انسان کام کر چکتا ہے واقعی نجدیت زندہ باد ہاں یہی معنی ہوگا۔

اس آیت کریمہ عندہ مفاتیح الغیب

غیب کی کنجیاں اسی کے پاس ہیں۔

(بلغۃ الحیران ص ۱۴۵، ۱۵۷ مولوی حسین علی واں بچھراں) (استاد مولوی غلام اللہ خان راولپنڈی)

شاید یہی مفہوم ہے وحی کے ان الفاظ کا **وھو بکل شیءٍ علیم** ۔ وہ ہر چیز کو جانتا ہے۔

مسلمانوں کو تو یہ شکایت ہے کہ یہ حضرات اللہ تعالیٰ کی عطاء سے علم سید الانبیاء صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے قائل نہیں۔ اب شکوے چھوڑ دو۔ انہوں نے تو خداوند قدوس جل جلالہ سے بھی علم چھین لیا ہے۔ اللہ تعالیٰ کو بھی اس وقت علم ہوتا ہے جب اللہ تعالیٰ کی مخلوق ایک کام کر چکتی ہے۔ بتایئے اس عقیدے کے بعد خدا اور بندے میں کیا فرق رہ گیا؟ ہاں فرق ضرور ہے کہ بندے کا علم اللہ کے علم سے مقدم ہے کہ وہ کام کر رہا تھا تو اسے اپنے کام کا علم تھا لیکن اس کے خالق کو تب پتہ چلا جب بندہ کام سے فارغ ہو گیا۔ یہ سب نجدیت کے کارنامے ہیں۔ (نعوذ باللہ)

نجدی دربارِ رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں

میں اوپر عرض کر چکا ہوں کہ محبت رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہی وہ جذبہ محرکہ ہے جو مسلمانوں کو آپس میں بھی متحد کرتا ہے اور غیروں پر بھی دھاک بٹھاتا ہے اور غیر آج تک اسی جذبہء ایمان وعمل کو تباہ کرنے میں مصروف ہیں برصغیر میں غیر مقلدین کے قائد ملت وہابیہ کے حدی خواں جناب اسماعیل دہلوی نے غیروں کی خوب مدد کی۔ مثلاً وہ لکھتے ہیں اس شہنشاہ کی تو یہ شان ہے کہ ایک آن میں چاہے تو کروڑوں نبی، ولی، جن، فرشتے اور محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے برابر پیدا کر ڈالے۔

Marfat.com

(تقویۃ الایمان ص ۴۳ مولوی مسافر خانہ اسمٰعیل دہلوی)

سبحان اللہ! جس مذہب میں ایسی عبارت تقویۃ الایمان ٹھہری خدا جانے تضعیف الایمان کے لیے کیسی عبارات ہوں گی۔ اللہ تعالیٰ نے تو سب جہانوں کے لیے ایک ہی رحمت بنائی جو سب کے لئے کافی قرار پائی، چنانچہ فرمانِ الٰہی ہے وما ارسلنٰک الا رحمۃ اللعٰلمین (الانبیاء، ۱۰۷)

"اور ہم نے سب جہانوں کے لیے آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو رحمت بنا کر بھیجا"

صرف اسی پر اکتفا نہیں بلکہ آگے چل کر لکھتے ہیں یقین کر لینا چاہیے کہ ہر مخلوق اللہ کی شان کے آگے چمار سے بھی زیادہ ذلیل ہے۔

(تقویۃ الایمان ص ۲۲ مصنف مولوی اسماعیل دہلوی مطبوعہ کراچی)

قرآن حکیم انبیاء کرام علیہم السلام کے لیے عند اللہ وجیھا (سورۃ الاحزاب) کے پیارے الفاظ بیان کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک انبیائے کرام کے لیے بڑی وجاہت ہے جبکہ علم بردار نجدیت کہتے ہیں کہ وہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک چمار سے بھی ذیادہ ذلیل ہیں۔

جبکہ اولاد آدم نبی زادے ہیں۔ لہٰذا وہ سب مکرم ہیں

"ولقد کرمنا بنی آدم" (بنی اسرائیل، ۷۰)

"بے شک ہم نے اولادِ آدم کو عزت دی"

مگر اولادِ آدم تو دور کی بات خود نبیوں کو بھی چمار سے زیادہ ذلیل قرار دے رہے ہیں۔

اور میرا یہ مقالہ بہت طویل ہوتا جا رہا ہے میں مختصر طور پر امام غیر مقلدین کی دریدہ ذہنی اور بے باکی کے چند نمونے پیش کرتا ہوں اور معزز قارئین سے توقع کرتا ہوں کہ قیاس کن از گلستان من بہار مرا۔

تقویۃ لایمان میں مولوی اسماعیل دہلوی قتیل نے گوہر افشانی کی۔

Marfat.com

۱) اللہ کے سوا کسی کو نہ مان اور اس سے نہ ڈر۔

(تقویۃ الایمان ص ۲۷ بالمقابل مولوی مسافر خانہ کراچی)

۲) اس کے دربار میں ان کا تو یہی حال ہے کہ جب وہ کچھ حکم فرماتا ہے تو وہ سب رعب میں آکر بے حواس ہو جاتے ہیں۔

۳) اس شہنشاہ کی تو یہ شان ہے کہ ایک آن میں چاہے تو کروڑوں نبی، ولی، جن، فرشتے، جبرائیل اور محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے برابر پیدا کر ڈالے۔

۴) جس کا نام محمد یا علی ہے وہ کسی چیز کا مالک ومختار نہیں۔

۵) رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے چاہنے سے کچھ نہیں ہوتا۔

۶) یعنی میں بھی ایک دن مر کر مٹی میں ملنے والا ہوں

۷) انسان آپس میں بھائی بھائی ہیں جو بڑا بزرگ ہو وہ بڑا بھائی ہے سو اس کی بڑے بھائی کی سی تعظیم کی جائے

(تقویۃ الایمان ص ۸۶ بالمقابل مولوی مسافر خانہ کراچی)

نیز اپنی کتاب صراط مستقیم میں یہ بھی لکھا ہے وہ صرف ہمت بسوئے شیخ وامثال آں از معظمین گو جناب رسالت مآب باشد بچندیں مرتبہ بدتر از استغراق در صورت گاؤ خر خود است۔ (صراط مستقیم فارسی ص ۸۶ مصنف مولوی اسماعیل دہلوی مکتبہ تلفیہ لاہور)

اور شیخ یا اسی جیسے بزرگوں کی طرف خواہ جناب رسالت مآب ہی ہوں اپنی ہمت کو لگا دینا بیل اور گدھے کی صورت میں مستغرق ہونے سے زیادہ برا ہے

(صراط مستقیم اردو ص ۱۲۶، مکتبہ سعید اینڈ سنز کراچی)

Marfat.com

تیسرا باب

ہندوستان مین فتنہء غیر مقلدین

ہندستان میں عام مسلمان اور بادشاہ سب کے سب سنی حنفی رہے جس کی سب سے بڑی دلیل مغلیہ دور کی اہلسنت کی مساجد ہیں مثلاً بادشاہی مسجد، مسجد وزیر خاں، سنہری مسجد، اور بابری مسجد وغیرہ اسی لیے انگریزوں نے اس ملک کے سنی مسلمانوں کا حنفی مذہب تسلیم کر کے اسی مذہب کی کتابیں مثلاً ہدایہ شریف، فتاویٰ عالمگیری اور درمختار کا انگریزی میں ترجمہ کرایا، اور انہیں کتابوں کے مطابق مقدمات کا فیصلہ رہا۔ پھر چونکہ اس ملک میں شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی کے خاندان کا اثر کافی تھا اور مسلمان ان سے کافی عقیدت رکھتے تھے۔

اس لیے مولوی اسماعیل دہلوی جو کہ اسی خاندان کا ایک فرد تھا۔ اس نے سوچا کہ ابن عبدالوہاب نجدی کی پالیسی پر عمل کر کے ہم بھی اپنے ماننے والوں کا لشکر تیار کر سکتے ہیں جس سے ہندوستان کے تاج وتخت پر ہمارا قبضہ ہو جائے گا۔

جیسا کہ ابن عبدالوہاب نجدی نے مسیلمہ کذاب کے شہر کے امیر محمد ابن سعود کے ساتھ مل کر پاک سرزمین مدینہ منورہ اور مکۃ المکرمہ پر قبضہ کیا اور "سعودی" عرب نام رکھا۔

(تاریخ نجد وحجاز مفتی عبدالقیوم، مطبوعہ ضیاء القرآن گنج بخش روڈ لاہور)

اسی خیال کے پیش نظر مولوی اسماعیل دہلوی نے شیخ نجدی کی کتاب، کتاب التوحید کا اردو میں ترجمہ کیا اور اس کا نام تقویۃ الایمان رکھا۔ اس کے علاوہ اور بھی کچھ کتابیں لکھیں۔ جن میں من گھڑت توحید تحریر کی۔ مثلاً اللہ کے سوا کسی کو نہ ماننا، عبدالنبی، علی بخش، حسین بخش، پیر بخش، اور غلام محی الدین نام رکھنے کو شرک ٹھہرایا۔

Marfat.com

کسی نبی یا ولی کے مزار کی زیارت کے لیے سفر کرنا ان کے مزار پر شامیانہ کھڑا کرنا، روشنی کرنا، فرش بچھانا، جھاڑو دینا، لوگوں کو پانی پلانا، اور ان کے لئے وضو اور غسل کا انتظام کرنا اور اس کی چوکھٹ کے آگے کھڑے ہو کر دعا مانگنا، ان ساری چیزوں کو شرک قرار دیا۔ (تقویۃ الایمان ص ۱۷، مولوی اسماعیل دہلوی دارالاشاعت کراچی)

مولانا اشرف علی تھانوی نے اپنی کتاب حکایات اولیاء میں (حکایات اولیاء ارواح ثلاثہ مصنف مولوی اشرف علی ص ۱۱۹ مطبوعہ کراچی) لکھا ہے کہ مولوی اسماعیل دہلوی نے اپنے آباؤ اجداد (جو علم و فضل اور تقویٰ و دیانت میں مسلم الثبوت تھے) کے مذہب کے خلاف رفع یدین کیا کرتے تھے حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی کے ایماء پر شاہ عبدالقادر نے مولوی محمد یعقوب کے ذریعے پیغام دیا کہ رفع یدین چھوڑ دو، اس سے خواہ مخواہ فتنہ پیدا ہوگا۔

مولوی اسماعیل دہلوی نے جواب دیا کہ اگر عوام کے فتنے کا خیال کیا جائے تو اس حدیث کا کیا مطلب ہوگا۔

جو شخص میری امت کے فساد کے وقت میری سنت پر عمل کرے گا اسے سو شہیدوں کا ثواب ملے گا۔ اس پر شاہ عبدالقادر نے فرمایا: بابا، ہم تو یہ سمجھے تھے کہ اسماعیل عالم ہو گیا ہو گا مگر وہ تو ایک حدیث کا معنیٰ بھی نہ سمجھا۔

یہ حکم تو اس وقت ہے کہ جب سنت کے مقابل خلاف سنت ہو۔ اور جس مسئلہ کے متعلق گفتگو ہے اس میں سنت کا مقابل خلاف سنت نہیں بلکہ دوسری سنت ہے کہ جس طرح رفع یدین کرنا سنت ہے یونہی رفع یدین نہ کرنا بھی سنت ہے۔

اس جواب پر اسماعیل دہلوی چپ ہو گئے مگر رفع یدین ترک نہ کیا اور جب پشاور میں پٹھان علماء نے اعتراض کیا تو رفع یدین ترک کر دیا اور سو شہیدوں کے ثواب سے

دستبردار ہو گئے۔

(تحقیق الفتویٰ اردو ترجمہ شفاعت مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم علامہ عبدالحکیم شرف قادری مطبوعہ لاہور)

غیر مقلدین کا نجدی وہابی نام کیوں؟

غیر مقلدین کو محمد بن عبدالوہاب کی پیروی کے سبب نجدی وہابی کہا جاتا ہے اگر ان کی نسبت مورثِ اعلیٰ کی طرف کی جائے تو وہابی کہا جاتا ہے اور اگر مورثِ اعلیٰ کی جائے پیدائش کی طرف نسبت کی جائے تو نجدی کہا جاتا ہے۔

جیسے مرزا غلام احمد قادیانی کے ماننے والوں کو مرزائی بھی کہا جاتا ہے اور قادیانی بھی پہلی نسبت مورث کی طرف اور دوسری نسبت پیدائش کی طرف۔

وہابیوں کا عوام الناس کو ایک اور فریب

نجدی وہابی عوام الناس کو فریب یوں دیتے ہیں کہ وہاب اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام ہے اور آخر میں ی "نسبت" کی ہے جس کا معنیٰ ہے اللہ والا، جیسا کہ مدنی کا معنیٰ ہے مدینے والا، ایسے ہی وہابی کا معنیٰ ہے اللہ والا، اب جو وہابی صحیح پڑھا لکھا نہیں ہے وہ اپنے آپ کو وہابی کہلانے سے چڑتا ہے۔ اس لیے ہم ملت وہابیہ سے پوچھتے ہیں کہ اگر بالفرض وہابی کا معنیٰ اللہ والا ہے تو وہابی کہنے سے چڑنا نہ چاہیے بلکہ خوش ہونا چاہیے۔ حالانکہ وہابی چڑتے ہیں اس کی ایک واضح مثال 11 اکتوبر 1991 جنگ اخبار میں شاہ فہد کا بیان سرخی کے ساتھ شائع ہوا۔

شاہ فہد نے مسلم ممالک کے وزراء اطلاعات کی پہلی کانفرنس کا افتتاح کرتے ہوئے اسلامی ذرائع ابلاغ سے اپیل کی کہ وہ سعودیوں کو وہابی کہنا بند کر دیں۔

انہوں نے کہا کہ محمد بن عبدالوہاب اٹھارویں صدی عیسوی کا ایک مسلم سکالر تھا۔ جسے السعود خاندان کی حمایت حاصل تھی اگر وہابی کا معنی اللہ والا ہوتا تو شاہ

فہد پوری ملت اسلامیہ سے وہابی نہ کہنے کی اپیل نہ کرتا بلکہ خوش ہوتا۔لہٰذا ثابت ہوا کہ وہابی کا معنیٰ اللہ والا نہیں بلکہ وہابی سے عرفی معنیٰ مراد لیا جائے گا،اور وہابی کا عرفی معنیٰ امت مسلمہ میں گستاخ رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہے۔

غیر مقلدین کو اہلِ حدیث کس نے بنایا

جیسا کہ پہلے ذکر کیا جا چکا ہے کہ۔

متحدہ ہندوستان میں فرقہ سازی کا سنگِ بنیاد مولوی اسماعیل دہلوی نے رکھا اور نوزائیدہ جماعت کا نام ''محمدی گروہ'' بنایا۔ (حیات طیبہ مرزا حیرت دہلوی ۹۹ مطبوعہ لاہور)

مسلمانان پاک وہند ان کے بارے میں کہا کرتے تھے کہ یہ چونکہ محمد بن عبدالوہاب نجدی کی پیروی کرتے ہیں لہٰذا انہیں وہابی کہنا ہی مناسب ہے۔کیوں کہ اس سے عام آدمی بھی پہچان لے گا کہ جو اپنے آپ کو صرف محمدی کہے وہ وہابی ہے تنگ آ کر ان لوگوں نے اپنے آپ کو ''موحد'' کہلوانا شروع کر دیا۔

اس پر مسلمان یہ کہتے تھے کہ واقعی منکرین شان رسالت ہونے کے باعث وہابی حضرات بھی سکھوں کی طرح ''موحد'' ہیں۔

ان تمام حالات سے تنگ آ کر مولوی محمد حسین بٹالوی نے حکومت کا سہارا لیا۔کہ وہ قانوناً ہماری جماعت کا نام اہل حدیث مشتہر کرے تا کہ آئندہ کوئی سرکاری یا غیر سرکاری آدمی اس نام کے سوا کسی اور نام سے موسوم نہ کرے۔

چنانچہ مولوی محمد حسین بٹالوی نے ارکان جماعت اہل حدیث کی ایک دستخطی درخواست لیفٹیننٹ گورنر پنجاب کے ذریعے وائسرائے ہند کی خدمت میں روانہ کی گورنر پنجاب نے وہ درخواست اپنی تائیدہ تحریر کے ساتھ گورنمنٹ آف انڈیا کو بھیج دی وہاں سے باقاعدہ منظوری آ گئی،کہ آئندہ وہابی کے بجائے ''اہل حدیث'' کا لفظ استعمال

Marfat.com

کیا جائے۔

اس امر کی اطلاع مولوی محمد حسین بٹالوی کو گورنمنٹ یو۔پی کی طرف سے بذریہ خط نمبر ۳۸۶، ۲۰ جولائی، ۱۸۲۹ء کو ملی، چنانچہ غیر مقلد مولوی ثناء اللہ امرتسری (المتوفی ۱۹۶۸ء) کے سوانح نگار مولوی عبدالمجید خادم سہروردی نے مولوی محمد حسین بٹالوی کے اس کارنامے کو یوں خراج تحسین پیش کیا۔

مولوی محمد حسین نے اشاعۃ السنۃ کے ذریعے اہل حدیث کی بہت خدمت کی لفظ وہابی آپ ہی کی کوشش سے سرکاری دفاتر سے منسوخ ہوا اور جماعت کو اہل حدیث کے نام سے موسوم کیا گیا۔ آپ نے حکومت کی خدمات، انعام اور جاگیر بھی پائی۔

(سیرت ثنائی مصنف مولوی عبدالمجید، ص ۳۷۲ مطبوعہ گوجرنوالہ ۱۹۵۲)

نوزائیدہ گروہ کا سرکاری نام اہل حدیث منظور کیوں کروایا گیا؟

مولوی محمد حسین بٹالوی نے اپنے نوزائیدہ گروہ کا نام اہل حدیث اس لئے منظور کروایا تھا کہ علمائے اکرام کی تصانیف میں محدثین حضرات کے لئے محدث اور اہل حدیث کے الفاظ عام استعمال ہوتے تھے۔ لہٰذا اس نام کے باعث یہ بے خبر مسلمانوں کی آنکھوں میں بڑی آسانی سے دھول جھونک سکتے تھے کہ دیکھئے ہماری جماعت کا ذکر متاخرین تو کیا متقدمین کی تصانیف عالیہ میں بھی موجود ہے۔

لہٰذا جب سے قرآن وحدیث تھا اسی وقت سے اہل حدیث بھی تھے۔

اس نام کے رکھنے اور لکھوانے میں مصلحت

کاش! یہ حضرات جماعت کا نام بدلنے کی جگہ اپنی روش کو بدلتے جس ناجی گروہ اہل سنت وجماعت سے بھاگے تھے۔ اسی میں آملتے ملت اسلامیہ کا ساتھ دیتے اور برٹش نوازی پر لعنت بھیجتے اور اسی آواز پر کان دھرتے

Marfat.com

گر چہ ہے دلکشا بہت حسن فرنگ کی بہار
طائرک بلند بال دانہ و دام سے گزر

غیر مقلدین علمائے دیوبند کی نظر میں

دیوبند کے شیخ الاسلام مولوی حسین احمد مدنی سابق صدر المدرسین دار العلوم دیوبند لکھتے ہیں۔ کہ محمد بن عبد الوہاب نجدی تیرھویں صدی میں نجد میں ظاہر ہوا۔ چونکہ یہ خیالات فاسدہ اور عقائد باطلہ رکھتا تھا۔ اس لیے اس نے اہل سنت سے قتل وقتال کیا۔ ان کو بالجبر اپنے خیالات کی تکلیف دیتا رہا۔ ان کے اموال کو غنیمت کا مال اور حلال سمجھتا رہا۔ ان کے قتل کو باعث ثواب ورحمت شمار کرتا رہا۔

اہل حرمین کو خصوصاً اور اہل حجاز کو عموماً اس نے تکالیف شاقہ پہنچائیں، سلف صالحین کی شان میں گستاخی اور بے ادبی کے الفاظ استعمال کیے۔

بہت سے لوگوں کو اس کی تکالیف شاقہ کی وجہ سے مدینہ منورہ اور مکہ چھوڑنا پڑا۔ اور ہزاروں آدمی اس کے اور اس کی فوج کے ہاتھوں شہید ہوئے۔

(شہاب ثاقب ص ۴۲، مصنف مولوی حسین احمد مدنی مطبوعہ لاہور)

دیوبند مسلک کے ایک دوسرے مشہور مولوی خلیل احمد انبیٹھوی لکھتے ہیں۔ محمد بن عبد الوہاب کے وہابی چیلے امت کی تکفیر کیا کرتے تھے۔ (المہند، ص ۳۷)

مولانا محمد علی جوہر لکھتے ہیں نجدیوں کا یہی کارنامہ ہے کہ مسلمان کے خون میں ان کے ہاتھ رنگے ہیں۔ (حالات محمد علی جوہر حصہ اول ص ۳۷)

میل جول سے احتیاط

حاجی امداد اللہ مہاجر مکی علیہ الرحمۃ جو کہ اکابر دیوبند مولوی قاسم نانوتوی مولوی رشید احمد گنگوہی، مولوی اشرف علی تھانوی، مولوی خلیل احمد انبیٹھوی، وغیرہ کے

Marfat.com

پیرومرشد ہیں وہابیہ نجدیہ کے متعلق فرماتے ہیں۔

غیر مقلد لوگ دین کے رہزن ہیں۔ان کے ساتھ میل جول سے احتیاط کرنی چاہیے۔ (شمائل امدادیہ ص ۲۸ مطبوعہ مدنی کتب خانہ ملتان)

غیر مقلدین کے پیچھے نماز پڑھنا مکروہ ہے علمائے دیوبند کا فتویٰ

مولوی رشید احمد گنگوہی کا ارشاد ہے کہ جو علمائے دین کی توہین اور ان پر طعن و تشنیع کرتے ہیں قبر کے اندر ان کا منہ قبلہ سے پھر جاتا ہے بلکہ یہ فرمایا کہ جس کا جی چاہے دیکھ لے۔

• غیر مقلدین چونکہ آئمہ دین کو برا سمجھتے ہیں اس لیے ان کے پیچھے نماز بھی پڑھنا مکروہ ہے۔ (تذکرہ الرشید نمبر ۲۸۲، جلد نمبر ۲ سطر ۲۱ تا ۲۲ مطبوعہ دہلی)

علمائے دیوبند کی دوغلی پالیسی

گزشتہ صفحات میں آپ نے غیر مقلدین کے بارے میں علمائے دیوبند کی رائے پڑھی اب ذرا غیر مقلدین کے ساتھ ان کی دوغلی پالیسی کا بھی جائزہ لیں اور دیکھیں کہ کیا ان کی وہی صورت حال نہیں جو منافقین مدینہ کی تھی، مثلاً دیوبندیوں کے پیشوا مولوی رشید احمد گنگوہی نے اپنے فتاویٰ رشیدیہ (جلد اول کتاب التقلید ص نمبر ۱۱۹) میں لکھا ہے۔

لوگ محمد بن عبدالوہاب کے مقتدیوں کو وہابی کہتے ہیں ان کے عقائد عمدہ تھے اور مذہب ان کا حنبلی تھا البتہ ان کے مزاج میں شدت تھی اور ان کے مقتدی اچھے ہیں، مگر ہاں جو حد سے بڑھ گئے اور ان میں فساد آ گیا ہے اور عقائد میں سب متحد ہیں اور اعمال میں فرق حنفی، شافعی، مالکی اور حنبلی کا سا ہے۔

تقلید کی بحث

''تقلید'' کا لغوی معنیٰ: لغت کے اعتبار سے تقلید، اتباع، اطاعت اور اقتداء سب

Marfat.com

ہم معنی ہیں۔ تقلید کا مادہ قلادۃ ہے قلادۃ جب انسان کے گلے میں ڈالا جائے ہار کہلاتا ہے۔

تقلید کا شرعی معنی:

"التقلید ھو قبول قول الغیر بلاحجۃ"

﴿ترجمہ﴾ شرعی محقق کے قول کو بلا حجت قبول کرنا۔

(المستصفے ج ۲، ص ۳۸۷ بحوالہ جاء الحق حصہ اول تقلید کی بحث)

تقلید کی اس تعریف کے مطابق راوی کی روایت کو قبول کرنا تقلید فی الروایت ہے کسی محدث کی رائے کسی حدیث کو صحیح یا ضعیف ماننا بھی تقلید ہے کسی امتی کے بنائے ہوئے اصول حدیث اور اصول تفسیر کو ماننا بھی تقلید ہے۔

تقلید جائز و ناجائز:

جس طرح لغت کے اعتبار سے کتیا کے دودھ کو بھی دودھ ہی کہا جاتا ہے اور بھینس کے دوودھ کو بھی دودھ کہتے ہیں مگر احکام میں حلال اور حرام کا فرق ہے اسی طرح تقلید کی بھی دو قسمیں ہیں مذموم و محبوب۔

مذموم تقلید

اگر حق کی مخالفت کے لیے کسی کی تقلید کرے۔ تو یہ مذموم ہے جیسا کہ کفار و مشرکین خدا اور رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مخالفت کے لیے اپنے گمراہ آباؤ اجداد کی تقلید کرتے ہیں۔

محبوب تقلید

اگر حق پر عمل کرنے کے لیے تقلید کرے کہ میں مسائل میں براہ راست استنباط نہیں کر سکتا۔ اور مجتہد کتاب و سنت کو ہم سے زیادہ سمجھتا ہے اسی لیے اس سے خداوند کریم اور نبی کریم

Marfat.com

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بات سمجھ کر عمل کرے تو یہ تقلید جائز و محبوب ہی نہیں بلکہ واجب ہے۔

کن مسائل میں تقلید کی جاتی ہے؟

شرعی مسائل تین طرح کے ہیں۔

(۱) عقائد۔

(۲) وہ احکام جو صراحتاً قرآن و حدیث سے ثابت ہوں۔

(۳) وہ احکام جو قرآن و حدیث سے استنباط و اجتہاد کر کے نکالے جائیں ان میں تقلید کی جاتی ہے۔

۱) عقائد میں تقلید

عقائد میں کسی کی تقلید جائز نہیں لہٰذا اگر کوئی پوچھے کہ توحید و رسالت تم نے کیسے مانی تو یہ نہ کہا جائے گا کہ امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے فرمانے سے بلکہ دلائل توحید و رسالت سے کیونکہ عقائد میں تقلید نہیں ہوتی۔

۲) وہ احکام جو صراحتاً قرآن و حدیث سے ثابت ہوں۔

صریح احکام میں بھی کسی کی تقلید جائز نہیں، مثلاً پانچ نمازیں، نمازوں کی رکعتیں، تیس روزے، روزے کی حالت میں کھانا پینا حرام ہونا یہ وہ احکام ہیں جن کا ثبوت نص قطعی سے صراحتاً ہوتا ہے اور جن احکام کا ثبوت نصِ قطعی سے صراحتاً ہو ان میں بھی تقلید جائز نہیں۔

۳) کن مسائل میں تقلید کرنا واجب ہے؟

جو مسائل قرآن و حدیث یا اجماع امت سے اجتہاد کر کے نکالے جائیں ان میں غیر مجتہد کے لیے تقلید کرنا واجب ہے۔

Marfat.com

کن کی تقلید کریں؟

مسائل اجتہادیہ میں مجتہد کی تقلید کی جائے گی اور مجتہد کا اعلان ہے کہ (القیاس مظھر و مثبت) کہ ہم کوئی مسئلہ اپنی ذاتی رائے سے نہیں بتاتے بلکہ ہر مسئلہ کتاب وسنت واجماع امت سے ظاہر کر کے بیان کرتے ہیں یعنی پہلے مسئلہ قرآن پاک سے لیتے ہیں وہاں نہ ملے تو حدیث سے اگر حدیث سے واضح طور پر نہ ملے تو اجماع صحابہ سے اگر اجماع صحابہ میں بھی اختلاف ہو تو جس طرح خلفائے راشدین اس سے مسئلہ اخذ کرتے ہیں اگر یہاں بھی کسی مسئلہ کا حل نہ ملے تو اجتہادی قواعد سے اس طرح مسئلہ کا حل تلاش کرتے ہیں جس طرح ایک حساب دان نئے سوال کا جواب حساب کے قاعدوں کی مدد سے معلوم کرلیتا ہے اور وہ اس کی ذاتی رائے نہیں فن حساب ہی کا ہوتا ہے۔

کون تقلید کرے؟

جیسا کہ ایک ریاضی دان کے سامنے جب سوال آئے گا تو وہ خود حساب کر کے قواعد کی مدد سے جواب معلوم کرے گا لیکن جس کو حساب کے قواعد ہی نہیں آتے وہ حساب دان سے پوچھ لے گا اس طرح مسائل اجتہادیہ میں کتاب وسنت پر عمل کرنے کے دو ہی طریقے ہیں۔

(۱) قواعد اجتہادیہ سے مسئلہ تلاش کر کے کتاب وسنت پر عمل کرے گا۔

(۲) جبکہ غیر مجتہد یہ سمجھ کر کہ میں خود کتاب وسنت سے مسئلہ استنباط کرنے کی اہلیت نہیں رکھتا۔ اس لیے کتاب وسنت کے ماہر سے پوچھ لوں، کہ اس میں کتاب وسنت کا کیا حکم ہے؟ اس طرح عمل کرنے کو تقلید کہتے ہیں لیکن مقلد ان مسائل کو ان کی ذاتی رائے سمجھ کر عمل نہیں کرتا بلکہ یہ سمجھ کر تقلید کرتا ہے کہ مجتہد نے ہمیں مراد خدا اور رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے آگاہ کیا ہے۔

Marfat.com

”طریقہ نمازِ حنفی احادیث کی روشنی میں“

﴿حدیث مبارکہ﴾

”صلوا کما رایتمونی اصلی“

”نماز پڑھو جیسے تم نے مجھے پڑھتے دیکھا“ (بخاری کتاب الآذان رقم الحدیث 631)

طہارت:

عن ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قال لاتقبل صلوۃ بغیر طھور ولا صدقۃ من غلول۔

﴿ترجمہ﴾

ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں قبول ہوتی نماز بغیر طہارت (وضو) کے اور نہ صدقہ حرام مال سے۔

(مسلم کتاب الصلوۃ رقم الحدیث (534) ابوداؤد رقم الحدیث (59) ترمذی ابواب الطہارۃ رقم الحدیث (1) ابن ماجہ کتاب الطہارۃ رقم الحدیث (274,273,272) مطبوعہ دار المعرفۃ بیروت)

گردن کا مسح:

عن ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قال من توضا ومسح یدیہ علی عنقہ وقی الغل یوم القیامۃ۔

(تلخیص الجیر ص 93/1 علامہ ابن حجر عسقلانی شارح بخاری باختلاف الفاظ، اتحاف السادۃ المتقین بشرح احیاء علوم الدین 365/2 مطبوعہ دار الفکر بیروت، سنن دار قطنی 74/1، کشف الخفاء للعجلونی 290/2 مطبوعہ مکتبہ دار التراث بیروت)

Marfat.com

﴿ترجمہ﴾

ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے وضو کیا اور اپنے دونوں ہاتھوں سے گردن کا مسح کیا وہ قیامت کے دن طوق سے بچ گیا۔

اذان سے پہلے حمد وصلوٰۃ:

وعن عروۃ ابن زبیر رضی اللہ عنہ عن امراۃ من بنی النجار قالت کان بیتی من اطول بیت حول المسجد فکان بلال یوذن علیہ الفجر فیاتی بسحر فیجلس علی البیت ینظرہ الی الفجر فاذا راٰہ تمطیٰ ثم قال اللھم انی احمدک استعینک علی قریش ان یقیموا دینک قالت ثم یؤذن قالت واللہ ماعلمتہ کان ترکھا لیلۃ واحدۃ ھذہ الکلمات۔

(ابوداؤد کتاب الصلوٰۃ رقم الحدیث 519)

﴿ترجمہ﴾

حضرت عروہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے اور وہ بنی النجار کی ایک خاتون سے روایت کرتے ہیں وہ کہتی ہیں کہ میرا گھر مسجد کے اطراف کے گھروں سے زیادہ بلند تھا حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان کے گھر پر چڑھ کر اذان دیا کرتے تھے۔ اور وہ آخری شب میں آجاتے اور گھر کی چھت پر بیٹھ کر صبح صادق کے طلوع ہونے کو دیکھتے تو انگڑائی لیتے پھر یہ دعا مانگتے "اے اللہ میں تیری حمد بیان کرتا ہوں اور قریش کے لئے تیری مدد مانگتا ہوں کہ وہ تیرے دین کو قائم کریں" وہ کہتی ہیں کہ وہ پھر اذان دیتے۔ وہ یہ بھی کہتی ہیں کہ خدا کی قسم مجھے یاد نہیں پڑتا کہ حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کسی ایک شب میں یہ دعا نہ پڑھی ہو۔

اس حدیث پاک سے اذان سے پہلے درود پاک پڑھنے کا جواز ملتا ہے۔ کیونکہ حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ اذان سے پہلے یہ دعا مانگتے رہے درود پاک بھی سب دعاؤں سے بہترین دعا ہے اس کے ذریعے اللہ تعالیٰ بندے کی ہر مشکل آسان فرما دیتا ہے۔

اذان کے بعد صلوۃ وسلام:

عن عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اذا سمعتم المؤذن فقولوا مثل مایقول ثم صلوا علی فانہ من صلی علی صلوۃ صلی اللہ علیہ بہا عشرا ثم سلوا اللہ لی الوسیلۃ فانہا منزلۃ فی الجنۃ لا ینبغی الا لعبد من عباد اللہ وارجو ان اکون انا ہو فمن سأل لی الوسیلۃ حلت علیہ الشفاعۃ۔

(مسلم کتاب الصلوۃ رقم الحدیث 847 ابوداؤد کتاب الصلوۃ رقم الحدیث 523 ترمذی کتاب المناقب رقم الحدیث 3614 نسائی کتاب الاذان رقم الحدیث 677) القول البدیع ص ۱۱۳، از امام سخاوی علیہ الرحمہ، اشعۃ اللمعات فارسی ج ۱ص ۳۱۲، تفسیر ترجمان القرآن ج ۱۱ص ۱۰۳، از صدیق بھوپالی وہابی)

﴿ترجمہ﴾

عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "جب تم مؤذن کو اذان دیتے ہوئے سنو تو تم بھی اسی طرح سے کہو جس طرح مؤذن کہے پھر مجھ پر درود بھیجو کیونکہ جو مجھ پر ایک بار درود بھیجتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر دس مرتبہ رحمتیں بھیجتا ہے پھر اللہ تعالیٰ سے میرے لئے وسیلہ مانگو۔ وہ جنت میں ایک جگہ ہے جو اللہ کے بندوں میں سے ایک ہی کے لائق ہے۔ مجھے امید ہے کہ وہ میں ہی ہوں

Marfat.com

جو میرے لئے وسیلہ مانگے اس پر میری شفاعت لازم ہے۔

بوقت اذان انگھوٹھے چومنے کا بیان:

(۱) پیغمبر صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مسجد میں تشریف فرما ہوئے اور ایک ستون کے قریب بیٹھ گئے حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی آپکے پاس بیٹھے تھے حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ اٹھے اور اذان دینا شروع کردی جب اشھد ان محمد رسول اللہ کہا۔ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے دونوں انگوٹھوں کے ناخنوں کو اپنی دونوں آنکھو پر رکھا اور کہا قرۃ عینی بک یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ اذان سے فارغ ہو گئے اور رسول اللہ نے ارشاد فرمایا کہ اے ابو بکر جو شخص ایسا کرے جیسا کہ تم نے کیا اللہ تعالیٰ اس کے تمام گناہوں کو بخش دے گا۔

(تفسیر روح البیان ج 7، ص، 329، حاشیہ تفسیر جلالین، ص 357، موضوعات کبیر، 346)

(۲) سیدنا امام حسن اور خضر علیہما سلام نے فرمایا:۔

من قال حین یسمع الموذن یقول اشھدان محمدرسول اللہ مرحباً بحبیبی وقرۃ عینی محمد بن عبداللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ویقبل ابھامیہ وجعلھما علی عینیہ لم یعم ولم یرمدابدا

(المقاصد الحسنہ رقم الحدیث 1021، ص 385، دار الکتب العلمیہ بیروت)

﴿ترجمہ﴾

حضرت امام حسن اور خضر علیہما السلام نے فرمایا جو شخص مؤذن اشھد ان محمدا رسول اللہ کہتے سن کر یہ دعا پڑھے "مرحباً بحبیبی وقرۃ عینی محمدبن عبداللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم" اور اپنے انگوٹھے چوم کر آنکھوں پر رکھے نہ کبھی اندھا ہوگا اور نہ کبھی آنکھیں دکھیں گیں۔

Marfat.com

(۳) "من قبل ظفری ابهامیه عندسماع اشهدان محمدرسول الله فی الاذان اناقائدو مدخله فی صفوف الجنة"

(فتاویٰ شامی ص 370، مطبوعہ مصر، جامع الرموز فصل الاذان ج 1، ص 135)

﴿ترجمہ﴾

جو شخص اشہد ان محمد رسول اللہ کے وقت اپنے انگوٹھوں کے ناخن چومے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں اس کا قائد ہوں گا اور میں اسے جنت کی صفوں میں داخل کروں گا۔

سر ڈھانپنا:

عن انس بن مالك رضی الله تعالیٰ عنه قال كان رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یکثر القناع كان ثوبه ثوب زیات۔

(شمائل ترمذی باب جاء فی شعر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم 723 مطبوعہ مکتبہ رحمانیہ لاہور)

﴿ترجمہ﴾

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اکثر کپڑا رکھتے تھے گویا کہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا کپڑا تیلی کپڑا ہے۔

ٹوپی پہننے کا حکم:

كان النبی صلی الله علیه وسلم یامر بستر الراس فی الصلوٰة بالعمامة او القلنسوة وینهی عن كشف الراس فی الصلوٰة

(شرح صحیح مسلم جلد 2 صفحہ نمبر 372 فرید بک سٹال لاہور)

Marfat.com

﴿ترجمہ﴾

نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نماز میں عمامہ یا ٹوپی کے ساتھ سر ڈھانپنے کا حکم دیتے تھے اور ننگے سر نماز پڑھنے سے منع کرتے تھے۔

کھڑے ہو کر تکبیر سننا مکروہ ہے:

حدثنا عون بن کھمس عن ابیہ قال "قمنا الی الصلوٰۃ بمنیٰ والامام لم یخرج فقعد بعضنا فقال لی شیخ بن اھل الکوفۃ مایقعدك قلت ابن بریدۃ قال ھذا السمود" (ابو دائود کتاب الصلوٰۃ رقم الحدیث 543)

﴿ترجمہ﴾

امام ابوداؤد حضرت کھمس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ ہم نے منیٰ میں نماز کے لئے اٹھنے کا ارادہ کیا اور امام صاحب ابھی نہیں آئے تھے تو ہم میں سے بعض بیٹھے رہے تو مجھ سے اھل کوفہ میں سے ایک شیخ نے کہا آپ کیوں بیٹھے ہیں میں نے عرض کیا حضرت بریدہ اسلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ (صحابی) کے بیٹے حضرت عبداللہ کہتے ہیں کہ اس وقت کھڑا ہونا تکبر سے سر اونچا کرنا ہے (جو مکروہ ہے)

مقتدی نماز کے لئے کب کھڑے ہوں؟

استاذ المحدثین والفقہاء محرر فقہ حنفی امام محمد رحمۃ اللہ علیہ اپنی سند رفیع الشان تابعی حضرت ابراھیم نخعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا فرمان نقل کرتے ہیں

"اخبرنا ابو حنیفہ قال حدثنا طلحۃ بن مصرف عن "ابراھیم قال اذا قال المؤذن "حی علی الفلاح" فانہ ینبغی للقوم ان یقوموا فیصفوا ------ (الخ)"

(کتاب الاثار بروایت امام محمد ص 21 طبع مکتبہ امدادیہ ملتان)

Marfat.com

حی علی الصلوٰۃ اور حی الفلاح پر کھڑے ہوں:

امام ابوبکر بن ابی شیبہ نے جلیل القدر تابعی حضرت ابراہیم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا اثر اپنی مصنف میں نقل کیا ہے۔

"حدثنا ابن علیہ عن خالد عن ابی معشر عن ابراھیم قال کان اذا قال المؤذن حی الصلوٰۃ قام ۔۔۔(الخ)

موذن جب حی الصلوۃ کہتا تو حضرت ابرہیم نخعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کھڑے ہو جاتے۔

(مصنف ابن ابی شیبہ 442/1، کتاب الصلوٰۃ فی الامام متی یکبر، دار الفکر بیروت)

صفیں سیدھی رکھو:

عن انس ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان یقول استووا استووا استووا فو الذی نفسی بیدہ انی لاراکم من خلفی کما اراکم من بین یدی۔

(نسائی کتاب الامامۃ رقم الحدیث 812)

﴿ترجمہ﴾

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرمایا کرتے تھے سیدھے رہو، سیدھے رہو، سیدھے رہو، اُس کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے تمہیں اپنے پیچھے سے اسی طرح دیکھتا ہوں جس طرح اپنے آگے سے دیکھتا ہوں۔

نیت کرنا:

عن عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال قال رسول اللہ

Marfat.com

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم"انما الاعمال بالنیات۔۔۔۔۔(الخ)

(بخاری رقم الحدیث 1)

﴿ترجمہ﴾

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:"اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے"

ہاتھ کانوں تک اٹھانا:

"عن براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اذاافتتح الصلوٰۃ رفع یدیہ الی قریب من اذنیہ ثم لایعود"

(ابوداؤد کتاب الصلوٰۃ رقم الحدیث 750)

﴿ترجمہ﴾

حضرت براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب نماز شروع کرنے کیلئے تکبیر کہتے تو اپنے ہاتھ کانوں کے نرے تک اُٹھاتے پھر(نماز میں کسی جگہ) نہ اُٹھاتے۔

"عن البراء بن عازب قال رأیت رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم رفع یدین حین افتتح الصلوٰۃ ثم لم یرفعھما حتی انصرف"

(مصنف عبدالرزاق ج۲ص ۷۰ مطبوعہ مکتبہ اسلامی بیروت(ابوداؤد کتاب الصلوٰۃ رقم الحدیث 752)(مسند احمد ج۴،ص ۳۰۳،مطبوعہ مکتبہ اسلامی بیروت)

﴿ترجمہ﴾

حضرت براء بن عازب فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا، جب نماز شروع فرمائی (رفع یدین کیا) ہاتھ اُٹھائے پھر رفع یدین نہیں کیا، یہاں

Marfat.com

تک کہ نماز سے فارغ ہو گئے۔

"عن مالك بن الحويرث ان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم كان اذا كبر رفع يديه حتى يحازى بهما اذنيه"

(صحیح مسلم، ج 1، ص 168، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی) (صفحہ ابوعوانہ ج 2، ص 94، مطبوعہ دارالباز مکہ مکرمہ) (معرفۃ السنن والآثار ج 1، ص 496، مطبوعہ دار کتب العلمیہ بیروت)

﴿ترجمہ﴾

حضرت مالک بن حویرث رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب تکبیر کہتے تو کانوں تک ہاتھ اُٹھاتے۔

نوٹ!

"جن احادیث میں کندھوں اور سینوں تک ہاتھ اٹھانے کا ذکر ہے ان کو امام ابوجعفر طحاوی علیہ الرحمہ متوفی ۳۲۱ھ نے سخت سردی کی حالت پر محمول کیا ہے جبکہ چادر اوڑ رکھی ہو"

(شرح المعانی الاثار ج 1، ص 30,29 مکتبہ رحمانیہ اقراء سنٹر غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور)

بصورت دیگر احناف نے بیک وقت تینوں قسموں کی احادیث پر بھی عمل کیا ہے اس طرح کہ ہاتھوں کو اس طرح اٹھایا جائے کہ ہتھیلیوں کے کنارے اور کلائیاں کندھوں کے برابر ہو جائیں اور دونوں ہاتھوں کے انگوٹھے کانوں کی لو تک چھو جائیں اور انگلیوں کے پورے کانوں کے اوپر جائیں تو اس طریقہ کے مطابق تمام روایات پر عمل ہو جائے گا جس طرح احناف کا طریقہ ہے (واللہ اعلم)

تکبیر تحریمہ کے علاوہ رفع یدین نہیں:

"قال عبدالله بن مسعود رضی الله تعالىٰ عنه الا اصلی بكم صلوة

Marfat.com

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فصلی فلم یرفع یدیہ ألافی اول مرۃ"

(ابوداؤد کتاب الصلوٰۃ رقم الحدیث 748، ترمذی باب الصلوۃ رقم الحدیث 257 نسائی کتاب الافتتاح رقم الحدیث 1025 کتاب التطبیق رقم الحدیث 1057)

﴿ترجمہ﴾

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہنے لگے کیا میں تمہیں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نماز کی طرح نماز پڑھ کے نہ دکھاؤں؟ پھر انہوں نے نماز پڑھی تو صرف پہلی مرتبہ ہی ہاتھ اُٹھائے (یعنی تکبیرِ تحریمہ میں)۔

"عن علقمۃ قل قال عبداللہ بن مسعود الا اصلی بکم صلوٰۃ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فصلی فلم یرفع یدیہ الا فی اوّل مرۃ قال ابوعیسیٰ حدیث ابن مسعود حسن وبہ یقول غیر واحدمن اھل العلم من اصحاب النبی علیہ السلام والتابعین"

﴿ترجمہ﴾

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ کیا میں تمہیں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نماز نہ پڑھاؤں؟ پھر انھوں نے نماز پڑھائی اور صرف پہلی مرتبہ ہاتھ اٹھائے امام ترمذی کہتے ہیں کہ یہ حدیث حسن ہے اور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے متعدد صحابہ اور تابعین کا یہی قول ہے۔

(جامع ترمذی ص 4 6 , 5 6، مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب خانہ کراچی) (سنن ابی داؤد، ج1، ص109 مطبوعہ مطبع مجتبائی پاکستان لاہور) (شرح معانی الاثار، ج1، ص132)

Marfat.com

(امام بخاری کے استاد مصنف ابن ابی شیبہ، ج1،ص236 مطبوعہ ادارۃ القرآن کراچی)(امام بخاری کے استاد مصنف عبدالرزاق، ج2،ص71 مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ بیروت)(مجمع الزوائد ج2،ص101،مطبوعہ دارالکتاب العربی بیروت)(سنن نسائی ج1،ص170،مطبوعہ دارالکتاب العربی بیروت)

یہ حدیث صحیح ہے

(محلی ابن حزم وھابی، ج3،ص4)(ترمذی تحقیق وشرح احمد شاکر صاحب وھابی،ص41)(تعلیقات سلفیہ علی سنن نسائی از عطاء اللہ امرتسری وھابی ج1،ص123)(تحقیق ناصر الدین البانی وھابی، ج1ص254، بیروت حدیث نمبر9,8)(لآلی المصنوعہ ج2ص18، از امام جلال الدین سیوطی)

"عن براء بن عاذب رضی اللہ تعالیٰ عنہ یقول کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذافتتح الصلوٰۃ رفع یدیہ حتی یحاذی منکبیہ ثم لایعود برفعھماحتی یسلم من صلوٰتہ"

﴿ترجمہ﴾

حضرت براء بن عاذب رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب نماز شروع فرماتے تو اپنے ہاتھ کندھوں تک اٹھاتے تھے پھر سلام پھیرنے تک آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پوری نماز میں رفع یدین نہیں کرتے تھے۔

(مسند الامام اعظم ص156 مطبوعہ مکتبۃ الکوثر الریاض)(امام بخاری کے استاد) مصنف ابن ابی شیبہ، ج1،ص236، مطبوعہ ادارۃ القرآن)(سنن ابی داؤد، ج1،ص109، مطبوعہ مطبع مجتبائی پاکستان لاہور)(سنن دارقطنی، ج1،ص94,292، مطبوعہ نشر السنہ ملتان)(شرح معانی الآثار ج1،ص132، مطبوعہ مجتبائی پاکستان لاہور)(مسند ابی لیلیٰ، ج2،ص152)(مدونۃ

Marfat.com

الکبریٰ ج1 ص69)

”عن عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال رایت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اذافتتح الصلوٰۃ رفع یدیہ حذومنکبیہ واذااراد ان یرکع وبعدمایرفع راسہ من الرکوع فلایرفع ولابین سجدتین“

﴿ترجمہ﴾

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نماز کے افتتاح کے وقت رفع یدین کرتے اور رکوع کے وقت اور رکوع کے بعد رفع یدین نہیں کرتے تھے اور نہ دو سجدوں کے درمیان رفع یدین کرتے تھے۔

(المسند حمیدی، از عبداللہ بن زبیر حمیدی جو امام بخاری کے استاد ہیں، ج2، ص 277 مطبوعہ عالم الکتب بیروت)(صحیح امام ابوعوانہ ص463)

غیر مقلدوں کو چیلنج

آخر میں ہمارا غیر مقلدوں کو چیلنج ہے کہ تمام ذخیرہ حدیث سے صرف ایک حدیث صحیح مرفوع متصل صریح حدیث دکھادیں قولی یا فعلی۔ جس میں یہ مذکور ہو کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ساری زندگی رفع یدین کیا یعنی وصال شریف تک رفع یدین کیا۔ تو انشاء اللہ تعالیٰ ہم بھی اس کو مان لیں گے اور اس پر عمل کریں گے۔

غیر مقلدین حضرات کبھی تو ہمیشہ کے رفع یدین کا کان سے استدلال کرتے ہیں اور کبھی لفظ اذا سے استدلال کرتے ہیں لیکن یہ بات خود بھول جاتے ہیں کہ ہم تو خود ائمہ مجتہدین کا استدلال نہیں مانتے اور ان کو اپنا استدلال منوانے پر سینہ زوری کرتے ہیں۔ کتنی بے شرمی کی بات ہے کہ جو لوگ ائمہ کرام مجتہدین، فقہا کرام کے استدلالات کو نہیں مانتے وہ اپنا استدلال پیش کریں اور اس پر منوانے کے لئے سینہ زوری کریں۔

کبھی یہ لوگ رفع یدین وصال شریف تک ثابت کرنے کے لئے کسی نہ کسی امام کے باندھے ہوئے باب کا سہارا بھی لے لیتے ہیں۔

لیکن ذرا بھی شرم محسوس نہیں کرتے کہ ہم تو اپنے آپ کو اہل حدیث کہلاتے ہیں اور لوگوں کے سامنے یہی اعلان کرتے رہے ہیں کہ قرآن وحدیث کے بغیر کوئی حجت نہیں کسی کی بات معتبر نہیں کسی کی بات کو ماننا جائز نہیں اور ہم خود ایک غیر معصوم امتی کا باندھا ہوا باب پیش کر رہے ہیں انکار پر آئیں تو یہ بھی کہہ دیتے ہیں کہ صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا قول وفعل حجت نہیں اور ماننے پر آجائیں تو ایک محدث کا باندھا ہوا باب بطور دلیل پیش کر دیتے ہیں۔

کاش یہ لوگ غور وفکر سے کام لیتے اور انصاف کا دامن نہ چھوڑتے اور انصاف کا خون نہ کرتے تو ان پر یہ بات واضح ہو جاتی کہ ترک رفع یدین پر حضرت عبد اللہ بن

Marfat.com

مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث صحیح ہے جو کہ صریح بھی ہے جس میں وضاحت بھی ہے کہ یہ نماز رسول اللہ صلی اللہ علی وسلم کی نماز ہے۔اس میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نماز پڑھ کر دکھائی تو رفع یدین سوائے تکبیر افتتاح کے نہیں کیا۔

آخر میں ایک ضروری بات

ہمارے اور غیر مقلدین میں رفع یدین کے بارے میں اختلاف یہ نہیں کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے رفع یدین کیا ہے یا نہیں۔ کیوں کہ احناف رحمہم اللہ تعالیٰ اس بات کے مقر ہیں کہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے رفع یدین کیا ہے، کیونکہ ہم احناف کے نزدیک رفع یدین متروک منسوخ ہے۔اس کا مطلب یہی ہے کہ پہلے آپ نے کیا پھر ترک کر دیا۔صرف رفع یدین مابہ النزاع نہیں ہے۔ بلکہ اختلاف کا سبب دوام رفع یدین ہے یعنی غیر مقلدین یہ دعویٰ کرتے رہتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ساری زندگی ایک رکعت بھی بغیر رفع یدین کے نہیں پڑھی اور ساری زندگی رفع یدین کرتے رہے حتٰی کہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا وصال شریف ہو گیا اور ہم احناف کہتے ہیں کہ یہ دوام ثابت نہیں ہے۔اس مسئلے کے حل کے لیے چاہیے تو یہ تھا کہ غیر مقلدین صرف ایک ہی کوئی ایسی حدیث صحیح مرفوع صریح متصل پیش کر دیتے جس کے متن میں یہ وضاحت ہوتی کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے وصال شریف تک یا ہمیشہ رفع یدین کیا۔تو بات ختم ہو جاتی لیکن اس کی بجائے غیر مقلدین حضرات وہ روایات پیش کرتے ہیں جن میں صرف رفع یدین کا ذکر ہے۔ دوام رفع یدین کا ذکر بالکل نہیں ہے اور ایسی روایات ہمارے خلاف نہیں اور غیر مقلدین کے موافق نہیں کیونکہ ان کے دعویٰ کے مطابق نہیں۔ دعویٰ کچھ کرتے ہیں اور دلیل کوئی دیتے ہیں۔ یہ جہالت ہے یا کہ ضد۔ اللہ تعالیٰ ہی بہتر جاننے والا ہے۔

رفع یدین کے منسوخ ہونے پر واضح حدیث

آج تک غیر مقلدین تو ایسی صحیح صریح مرفوع حدیث پیش نہیں کر سکے اور انشاء اللہ تعالیٰ نہ ہی آئندہ کر سکیں گے جس میں یہ موجود ہو کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے رکوع والی رفع یدین ہمیشہ کی ہے حتیٰ کہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا وصال ہو گیا آیئے ہم آپ کی خدمت میں وہ حدیث پیش کرتے ہیں جس میں صریحاً یہ مذکور ہے کہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پہلے رکوع والا رفع یدین کرتے تھے پھر آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے رکوع والا رفع یدین ترک کر دیا اور ابتدا کی رفع یدین آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کرتے رہے حتیٰ کہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا وصال ہو گیا یہ حدیث صحیح مرفوع ہے۔

آپ بھی ملاحظہ فرمائیں۔

امام حافظ ابو عبداللہ محمد بن حارث الخشنی القیروانی متوفی سنہ ۳۶۱ھ اپنی کتاب اخبار الفقہاء والمحدثین کے ص ۲۱۴ پر سند صحیح سے مرفوعاً یہ حدیث نقل کرتے ہیں۔

﴿حدیث مبارکہ﴾

حدثنی عثمان بن محمد قال: قال لی عبیداللہ بن یحییٰ بحدثنی عثمان بن سوادۃ بن عباد عن حفص بن میسرۃ عن زید بن اسلم عن عبداللہ بن عمر قال: کنا مع رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بمکۃ نرفع ایدینا فی بدء الصلاۃ وفی داخل الصلاۃ عند الرکوع فلما هاجر النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم الی المدینۃ ترک رفع الیدین فی داخل الصلاۃ عند الرکوع وثبت علی رفع الیدین فی بدء الصلوٰۃ.......... توفی۔

Marfat.com

﴿ترجمہ﴾

جناب عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ جب ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ مکہ میں تھے تو ہم رفع یدین کرتے تھے نماز کی ابتداء میں اور نماز کے اندر رکوع کے وقت اور جب نبی پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مکہ سے مدینہ کی طرف ہجرت فرمائی تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نماز کے اندر رکوع والا رفع یدین چھوڑ دیا اور ابتداء کی رفع یدین پر آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ثابت رہے حتیٰ کہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا وصال ہو گیا۔ (اخبار الفقہاء والمحدثین ص ۲۱۴)

قارئین گرامی قدر: یہ حدیث پاک رفع یدین عندالرکوع کے نسخ میں کتنی واضح دلیل ہے۔ پھر بھی اگر کوئی نہ مانے تو اس کی مرضی ہے۔

اس کی سند میں کل سات راوی ہیں اب ان کی توثیق ملاحظہ فرمائیں۔

پہلے راوی مؤلف کتاب ہیں جن کا اسم گرامی ہے۔

ابو عبداللہ محمد بن حارث الخشنی القیروانی۔

ان کے متعلق امام ذہبی لکھتے ہیں، الحافظ الامام کہ یہ حدیث کا حافظ اور امام ہے۔

(سیر اعلام النبلاء ۱۶ ص ۱۶۵ تذکرۃ الحفاظ ۳ ص ۱۳۸)

اس امام کا ترجمہ درج ذیل کتب میں بھی موجود ہے۔

(۱) تاریخ علماء الاندلس ۲ ص ۱۱۲ تا ۱۱۳

(۲) الاکمال لابن ماکولا ۳ ص ۲۶۱

(۳) ترتیب المدارک ۴، ص ۵۳۱

(۴) الانساب ۵، ص ۱۳۰

Marfat.com

(۵) معجم الادباء ۸ص ۱۱۱

(۶) العبر ۲ص ۳۲۴

(۷) مرأۃ الجنان ۲ص ۷۵

(۸) النجوم الزاھرہ ۴ص ۶۴

(۹) شذرات الذھب ۳ص ۳۹

(۱۰) ہدیۃ العارفین ۲ص ۴۷

(۱۱) طبقات الحفاظ ص ۳۹۷

(۱۲) شجرۃ النور ۱ص ۹۴

ان تمام کتب میں اس امام جلیل کا شاندار ترجمہ موجود ہے۔

اس سند کے دوسرے راوی ہیں، جناب عثمان بن محمد

ان کا پورا نام اس طرح ہے، عثمان بن محمد بن احمد بن مدرک من اھل قبرۃ ان کے متعلق امام محمد بن حارث فرماتے ہیں کہ:

قال خالد بن سعد عثمان بن محمد، ممن عنی بطلب العلم ودرس المسائل وعقد الوثائق مع فضلہٖ وکان مفتی اھل موضعہٖ۔

﴿ترجمہ﴾

جناب خالد بن سعد نے فرمایا کہ عثمان بن محمد ان میں سے ہے جنہوں نے مجھ سے علم حاصل کیا ہے اور مسائل کا درس لیا ہے اور یہ پختہ عقد والے ہیں اور صاحب فضیلت ہیں اور یہ اپنے موضع کے مفتی تھے۔ (اخبار الفقہاء والمحدثین ص ۲۱۶)

تاریخ علماء الاندلس کے ص ۳۴۳ پر بھی آپ کی تعریف موجود ہے۔

Marfat.com

اس سند کے تیسرے راوی ہیں، جناب عبید اللہ بن یحیٰ اللیثی

ان کے متعلق امام ذھبی لکھتے ہیں کہ:۔

قال ابن الفرضی وکان کریماعاقلاعظیم الجاہ والمال مقدمافی الشوریٰ منفردابرئاسۃ البلد۔

﴿ترجمہ﴾

کہ ابن الفرضی نے کہا کہ عبید اللہ بن یحیٰ کریم عقل والااور بڑی عزت والااور مال والا ہے مشاورت مین اس کو مقدم کیا جاتا،شہر کی ریاست میں منفرد تھے۔

مزید لکھتے ہیں کہ:۔

قال ابن بشکوال فی بعض کتبہ کان متمولاسمحاًجواداکثیر الصدقات والاحسان کامل المرؤہ۔

﴿ترجمہ﴾

ابن بشکوال نے اپنی بعض کُتب میں کہاہے کہ یہ راوی بڑا سخی،صدقہ وخیرات کرنے والا،احسان کرنے والااور کامل مروت ہے۔(سیر اعلام النبلاء ۱۳ص۵۳۲،۵۳۳)

مزید امام ذھبی لکھتے ہیں کہ: **"الفقیہ الامام المعمر"**

"یہ راوی فقیہ امام معمر ہیں" (سیر اعلام النبلاء ۱۳ص۵۳۱)

امام محمد بن حارث قیروانی فرماتے ہیں کہ:۔

"قال خالدبن سعدسمعت محمدبن ابراھیم بن حیون یثنی علی عبیداللہ بن یحیٰی ویوثقہ"۔ (اخبار الفقہآء والمحدثین ص۱۷۲)

یہ راوی محدث امام ثقہ ہے اور یہ زید بن اسلم وغیرہ سے روایت کرتا ہے،امام ابن معین

Marfat.com

اور امام احمد ابن حنبل نے اس کو ثقہ کہا ہے۔ امام ابوزرعہ نے فرمایا کہ اس کے ساتھ کوئی خوف نہیں اور امام ابو حاتم نے فرمایا اس کا مقام صدق ہے۔ (سیر اعلام النبلاء ج ۸، ص ۲۳۱ للذھبی)

امام حفص بن میسرہ کا ترجمہ درج ذیل کتب میں بھی موجود ہے۔

تھذیب الکمال ۷ ص ۷۳، تاریخ یحیٰی بروایۃ الدوری ۲ ص ۱۲۲، تاریخ الدارمی ص ۲۶۷، تاریخ الکبیر للبخاری ۲ ص ۳۶۹، کتاب المعرفۃ والتاریخ ا ص ۲۷، الکنی والاسماء للدولابی ۲ ص ۱۵۱ الجرح والتعدیل ۳ ص ۱۸۷ وغیرہ میں۔

اس سند کے چوتھے راوی ہیں، جناب عثمان بن سوادۃ

ان کے متعلق امام محمد بن حارث قیروانی لکھتے ہیں کہ:۔

قال عثمان بن محمد قال عبیداللہ بن یحییٰ: کان عثمان بن سوادۃ ثقۃ مقبولا عند القضاۃ والحکام وکان من اھل الخیر والفضل وقال اخبرنی عن عبیداللہ انہ کان من اھل الزھد والعبادۃ وکثرۃ التلاوۃ۔

﴿ترجمہ﴾

عثمان بن محمد نے کہا کہ فرمایا جناب عبیداللہ بن یحیٰی نے کہ عثمان بن سوادۃ ثقہ اور مقبول ہے، قضاۃ اور حکام کے نزدیک اور یہ راوی خیر و فضل والا، زہد والا، عبادت کرنے والا اور کثرت سے تلاوت کرنے والا ہے۔ (اخبار الفقہاء والمحدثین ص ۲۱۴)

اس راوی کے متعلق امام ابن الفرضی لکھتے ہیں۔

عثمان بن سوادۃ من اھل القرطبۃ قال لی عثمان بن محمد قال لی عبیداللہ بن یحییٰ کان عثمان بن سوادۃ ثقۃ مقبولا عند القضاۃ والحکام وکان من اھل الزھد والعبادۃ وکثیر التلاوۃ۔

Marfat.com

﴿ترجمہ﴾

عثمان بن سوادۃ اھل قرطبہ سے ہے، مجھے عثمان بن محمد نے کہا کہ مجھے عبید اللہ بن یحییٰ نے کہا کہ عثمان بن سوادۃ ثقہ مقبول ہے قضاۃ اور حکام کے نزدیک اور یہ اہل زہد سے، عبادت گزار اور بکثرت تلاوت کرنے ولا ہے۔ (تاریخ علماء الاندلس لابن الفرضی ص ۲۴۲)

اس سند کے پانچویں راوی ہیں، جناب حفص بن میسرہ۔

ان کے متعلق امام ذھبی لکھتے ہیں کہ:۔

المحدث، الامام الثقة ابو عمر الصنعانی العقیلی نزیل عسقلان یروی عن زیدبن اسلم...... وثقه ابن معین و احمد، وقال ابوزرعه لابأس به وقال ابو حاتم محله الصدق۔

امام زید بن اسلم کا ترجمہ درج ذیل کتب میں بھی ہے۔

طبقات ابن سعد، تاریخ یحییٰ بروایة الدوری، تاریخ کبیر للبخاری، کتاب المعرفة والتاریخ للمنوی، تاریخ ابوزرعه، الکنی والاسمآء، الجرح والتعدیل، کامل بن عدی، ثقات ابن شاهین، الحلیه لابی نعیم، الانساب للسمعانی، تاریخ دمشق، اسد الغابه، الکامل فی التاریخ، تذکرۃ الحفاظ، الکاشف ، العبر، تهذیب الکمال، معجم البلدان، شذرات الذهب وغیره۔

اس سند کے چھٹے راوی ہیں، جناب امام زید بن اسلم

امام ذھبی ان کو الامام الحجہ القدوہ لکھتے ہیں۔ اور فرماتے ہیں کہ امام بخاری علیہ الرحمہ نے فرمایا کہ جناب امام علی بن حسین (رضی اللہ تعالیٰ عنہما) ان کی مجلس میں بیٹھتے تھے اور جناب

امام علی بن حسین (رضی اللہ تعالیٰ عنہما) فرماتے تھے کہ انسان اس کی مجلس میں بیٹھے جس سے دینی نفع حاصل ہو۔اور جناب زید بن اسلم کا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مسجد شریف میں ایک علمی حلقہ ہوتا تھا۔ (سیر اعلام النبلاء ج۵ص۳۱۶ للذھبی)

حافظ ابن حجر فرماتے ہیں کہ امام احمد،ابوزرعہ،ابوحاتم،محمد بن سعد،نسائی اور ابن خراش ان سب نے زید بن اسلم کو ثقہ کہا ہے۔

جناب یعقوب بن شیبہ نے کہا کہ زید بن اسلم ثقہ ہے،اہل فقہ اور اہل علم میں سے ہے اور قرآن کی تفسیر کا عالم ہے۔ (تہذیب التہذیب۲ص۲۳۱)

جناب خالد بن سعد نے فرمایا کہ میں نے محمد بن ابراہیم بن حیون سے سناوہ عبیداللہ بن یحییٰ کی تعریف کرتے تھے اوران کو ثقہ کہتے تھے۔

امام محمد بن حارث مزید لکھتے ہیں کہ:۔

وكان عاقلا وقورا وافر الحرمة عظيم الجاه بعيدالاسم تام المروه عزيز النفس عزيز المعروف نهاضابالاثقال مشاور افى الاحكام۔

﴿ترجمہ﴾

یہ دانا اور بڑی عزت والے تھے کامل مروت والے عزیز النفس عزیز المعروف اور احکام میں ان سے مشورہ لیا جاتا تھا۔ (اخبار الفقہاء والمحدثین ص۱۷۰)

امام ابن الفرضی لکھتے ہیں کہ:۔

كان رجلا عاقلا كريما عظيم المال والجاه مقدما فى المشاورة فى الاحكام۔

﴿ترجمہ﴾

یہ آدمی عقل مند کریم بڑے مال اور مرتبے والا ہے اور احکام میں ان کو مشورہ کے لئے مقدم کیا جاتا۔ (تاریخ علماء الاندلس لابن الفرضی ص۲۰۶تا۲۰۷)

امام عبید اللہ بن یحییٰ کا ترجمہ ان کتب میں بھی ہے۔

(جذوۃ المقتبس ص ۲۶۸، بغیۃ الملتمس ص ۳۵۵، شذرات الذھب ۲ ص ۲۳۱)

اس سند کے ساتویں راوی صحابیِ رسول جناب عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما ہیں۔

جن کے ثقہ، صادق، عادل اور جلیل القدر ہونے پر سب کا اتفاق ہے۔

تو قارئین گرامیء قدر! الحمد للہ دلائل قویہ سے یہ بات واضح ہوگئی کہ اس سند کے تمام راوی مضبوط، اہل صدق، ثقہ ہیں۔ اور یہ حدیث مرفوع ہے صحیح ہے اور صریح بھی ہے، جس میں رکوع کی رفع یدین کا ترک واضح طور پر موجود ہے۔

اب بھی اگر غیر مقلدین نہ مانیں تو ان کی مرضی ہے لیکن یہ بات تو واضح ہوگئی کہ الحمد للہ رفع یدین عند الرکوع کا نسخ اظہر من الشمس ہے اور احناف کثرھم اللہ تعالیٰ کا اس پر عمل ہے۔ اب میں یہ کہنے پر حق بجانب ہوں کہ احناف زندہ باد۔

(بشکریہ حضرت علامہ مولانا غلام مصطفیٰ نوری صاحب)

الحمدللہ رب العالمین

واللہ الھادی الی الرشدو الھدایۃ وصلی اللہ علیٰ حبیبہٖ سیدنا و مولانا محمد و آلہ وصحبہٖ وازواجہ واولادہٖ واصھارہٖ والصارہٖ اجمعین۔

تمت بالخیر

☆☆☆☆☆☆☆

Marfat.com

ناف کے نیچے ہاتھ باندھنا:

عن علقمة بن وائل بن حجر رضی الله تعالیٰ عنه عن ابيه قال رايت النبی صلی الله تعالیٰ عليه وسلم وضع يمينه علی شماله فی الصلوٰة تحت السرة۔

(مصنف ابن ابی شیبہ کتاب الصلوٰۃ باب وضع الیمین علی الشمال 1/427 مطبوعہ دارالفکر بیروت)

﴿ترجمہ﴾

وائل بن حجر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نماز میں دایاں ہاتھ اپنے بائیں ہاتھ پر ناف کے نیچے رکھا۔

بعد از نماز ذکر:

"عن عبدالله بن عباس ان رفع الصوت بالذكر حين ينصرف الناس من المكتوبة كان علی عهدالنبی صلی الله تعالیٰ عليه وسلم"

(صحیح بخاری ج 1، ص 116، قدیمی کتب خانہ) (صحیح مسلم ج 1، ص 217، رقم الحدیث 1219) (صحیح ابن خزیمہ، ج 2، ص 228، المکتب اسلامی) (فتح الباری، ج 2، ص 325، از ابن حجر عسقلانی) (عمدۃ القاری، ج 6، ص 124، از علامہ بدر الدین عینی)

﴿ترجمہ﴾

حضرت عبداللہ بن عباس فرماتے ہیں کہ فرض نماز کے بعد بلند آواز سے ذکر کرنا نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانہ میں تھا۔

(امداد الفتاویٰ ج 4، ص 43, 44، از اشرف علی تھانوی دیوبندی) (اخبار اہل حدیث

Marfat.com

امرتسر، ص 9، 21 جنوری، 1938ء از ثناء اللہ امرتسری وہابی)

کنت اعلم اذاانصرف بذالك اذاسمعته۔

(صحیح بخاری شریف، ج 1، ص 116، قدیمی کتب خانہ)(مسلم شریف، ج 1، ص 217)(اخبار اہل حدیث ص 9، از ثناء اللہ امرتسری وہابی)

''حضرت عبداللہ ابن عباس فرماتے ہیں کہ جب نمازی نماز سے فارغ ہوتے تھے تو میں اس ذکر پاک کو اپنے کانوں سے سنتا تھا''

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ:۔

''کنت اعرف القضاء صلوة رسول الله صلى الله عليه وسلم بالتكبير''

(صحیح مسلم شریف، ج 1، ص 317)(مشکوٰۃ شریف ج 1، ص 89)(اشعۃ اللمعات فارسی، ج 1، ص 418)(صحیح ابن خزیمہ، ج 1، ص 822، مطبوعہ لکھنو)

﴿ترجمہ﴾

''میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نماز کے پورا ہوجانے کو تکبیر کی بلند آواز سے پہچان کرتا تھا''

وعن عبدالله بن الزبير رضی الله تعالیٰ عنه قال كان رسول الله صلى الله تعالیٰ عليه وسلم اذسلم من صلوته يقول بصوته الاَعلیٰ لااله الاالله_______(الخ)

(مشکوٰۃ ص، 88 باب الذکر بعد الصلوٰۃ رقم الحدیث 963)

﴿ترجمہ﴾

حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ

Marfat.com

علیہ وسلم جوں ہی نماز کا سلام پھیرتے بلند آواز سے فرماتے لا الہ الا اللہ الخ۔

شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی کا فتاویٰ:

جو دیوبندیوں اور وہابیوں کے نزدیک حجۃ اللہ اور وارث الانبیاء ہیں وہ فرماتے ہیں کہ:۔

(دیگر حقیقت ذکر جہر و حق آنست کہ انکار آں سفاہت واضح است در تلاوت قرآن جہر صریح است)

(فتاویٰ عزیزیہ فارسی ج 1، ص 17، مطبوعہ مجتبائی)

﴿ترجمہ﴾

"حق یہ ہے کہ بلند آواز سے ذکر کرنے کا انکار جہالت ہے کیونکہ تلاوت قرآن مجید میں صریح ذکر جہر ہے"۔

بسم اللہ جہراً نہیں:

عن انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال صلیت خلف رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و ابی بکر و عمر و عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہم فلم اسمع احداً منھم بجھر بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

(نسائی کتاب الافتتاح رقم الحدیث 906 باختلاف الالفاظ، مسلم کتاب الصلوۃ رقم الحدیث 888، بخاری شریف، ج ۱، ص ۱۰۳، مطبوعہ نور احمد کراچی)

﴿ترجمہ﴾

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور ابوبکر اور عمر اور عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے ساتھ نماز پڑھی ان میں سے کسی کو بھی میں نے بسم اللہ الرحمن الرحیم بلند آواز سے پڑھتے نہیں سنا۔

Marfat.com

فاتحہ خلف الامام نہیں:

"عن جابر بن عبداللہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم من کان لہ امام فان قراءۃ الامام لہ قراۃ"

(ابن ماجہ کتاب اقامۃ الصلوۃ رقم الحدیث 850 مؤطا امام محمد باب القراءۃ فی الصلوۃ خلف الامام صفحہ 98,99 مطبوعہ قدیمی کتب خانہ کراچی، سنن دار قطنی، ج۱، ص ۳۲۵، ۳۲۴ مطبوعہ نشر السنہ ملتان، مصنف عبدالرزاق، ج۲، ص ۱۳۶ مطبوعہ مکتبہ اسلامی بیروت)

﴿ترجمہ﴾

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جس کا امام ہو تو امام کی قرأت ہی مقتدی کی قرأت ہے۔

قرأت خلف الامام:

(۱) رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:

اذاقرأ فانصتوا۔

جب امام قرأت کرے تو تم خاموش رہو۔

(صحیح مسلم، ج 1، ص 174، مطبوعہ قدیمی کتب خانہ کراچی) (سنن دار قطنی، ج 1، ص 230، مطبوعہ نشر السنہ ملتان) (سنن نسائی، ج 1، ص 112، مطبوعہ المکتبہ السلفیہ لاہور) (مسند احمد از امام بخاری و مسلم کے شیخ الحدیث امام احمد بن حنبل، ج 2، ص 372، مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت) (سنن ابن ماجہ ج 1، ص 61، مطبوعہ نور محمد کارخانہ کتب کراچی) (سنن کبریٰ، ج 2، ص 156، مطبوعہ نشر السنہ ملتان)

(۲) **"قال صلیٰ رسول اللہ صلیٰ اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بالناس فقرأ رجل خلفہ فلماقضیٰ الصلوٰۃ قال ایکم قرأ خلفی ثلاث مرات فقال رجل**

Marfat.com

الا یارسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قال صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم من صلی خلف الامام فان قرأۃ الامام لہ قرأۃ"

(مسند امام اعظم ص 61، مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کراچی)

﴿ترجمہ﴾

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے لوگوں کو نماز پڑھائی ایک شخص نے آپکے پیچھے قرأت کی آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نماز سے فارغ ہو کر ارشاد فرمایا تم میں سے کس نے میرے پیچھے قرأت کی لوگ حضور کے خوف کی وجہ سے خاموش رہے یہاں تک کہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تین بار پوچھا آخر ایک شخص نے عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں نے قرأت کی آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جو امام کے پیچھے نماز پڑھے تو اس کیلئے امام کا پڑھنا کافی ہے۔

قرأت خلف الامام کے متعلق صحابہ کرام کے فتاویٰ جات

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا فتویٰ

(ا) "ان سعدبن ابی وقاص قال وددت ان الذی یقرأ خلف الامام فیہ جمرۃ"

﴿ترجمہ﴾

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں جو امام کے پیچھے قرأت کرے میں چاہتا ہوں کہ اس کے منہ میں انگارہ ہو۔

(مؤطا امام محمد ص 101، مطبوعہ آفتاب پریس لاہور) (امام بخاری کے استاد) (مصنف ابن ابی شیبہ ج 1، ص 376، مطبوعہ ادارۃ القرآن کراچی)

Marfat.com

حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا فتویٰ

(۲) ”ان عمر ابن خطاب رضی اللہ عنہ قال لیت فی فم الذی یقرأ خلف الامام حجر“

(مؤطا امام محمد، ص 102، مطبوعہ مجتبائی پاکستان لاہور) (مصنف عبد الرزاق، ج 2، مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ بیروت)

﴿ترجمہ﴾

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ کاش جو شخص امام کے پیچھے قرأت کرے اس کے منہ میں پتھر ہو۔

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا فتویٰ

(۳) ”عن زید بن ثابت رضی اللہ عنہ قال من قرأ خلف الامام فلا صلوٰۃ“

(مؤطا امام محمد، ص 102، مطبوعہ آفتاب پریس لاہور) (نصب الرایہ بحوالہ علل متناہیہ من طرق دار قطنی، ج 2، ص 19، مکتبہ اسلامیہ ریاض) (کنز العمال ج 8، ص 286، مطبوعہ التراث اسلامی)

﴿ترجمہ﴾

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جس نے امام کے پیچھے قرأت کی اس کی نماز نہیں ہوتی۔

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا فتویٰ

(۴) ”عن المختار بن عبداللہ بن علی قال المایقرأ خلف الامام من

Marfat.com

لیس علی الفطرة"

(امام بخاری کے استاد) (مصنف ابن ابی شیبہ متوفی 235ھ، ج1،ص376،مطبوعہ ادارۃ القرآن کراچی) (مصنف عبدالرزاق متوفی 211ھ، ج2،ص137،مطبوعہ مکتب اسلامیہ بیروت) (سنن دارقطنی ج1،ص334،مطبوعہ نشرالسنہ ملتان)

﴿ترجمہ﴾

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ امام کے پیچھے وہ شخص قرأت کرتا ہے جو فطرت پر نہ ہو۔

نوٹ!

جن احادیث مبارکہ میں سورۃ فاتحہ کی نماز میں پڑھنے کی تاکید کی گئی ہے جیسے "لاصلوٰۃ الابفاتحۃ الکتاب" "من صلی صلوۃ لم یقرأ فیھا باالقرآن فھی خواج خراج خراج" (مسلم ج1،ص70،169،مطبوعہ قدیمی کتب خانہ کراچی)

اس کا جواب یہ ہے کہ ہم کب کہتے ہیں کہ رکوع سجود والی نماز بغیر فاتحہ کے ہوجاتی ہے امام کی ہو یا مقتدی کی مگر مقتدی کے حق میں خود رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مقتدی کیلئے امام کی قرأت کافی ہے جیسے گزر چکا ہے امام کا پڑھنا مقتدی کا پڑھنا ہے۔ اگر یہ کہا جائے کہ مقتدی کیلئے فاتحہ پڑھنا ضروری ہے تو اس صورت میں کہ جب امام رکوع کی حالت میں تھا اور مقتدی فاتحہ پڑھے بغیر رکوع میں شامل ہوگیا نماز نہیں ہونی چاہیے کیونکہ اس نے سورۃ فاتحہ نہیں پڑھی حالانکہ حدیث مبارکہ میں ہے کہ جس نے امام کے پیچھے رکوع کو پالیا اس نے رکعت کو پالیا (حوالہ حدیث سنن دارقطنی ج۱،ص۳۴۷،مطبوعہ نشرالسنہ ملتان) اس صورت میں نماز ہوجائے گی اس لئے ہوجائے گی کہ مقتدی کیلئے فاتحہ پڑھنا ضروری نہیں ہے امام کا پڑھنا مقتدی کا پڑھنا ہے اور امام فاتحہ پڑھ چکا ہے۔

Marfat.com

آمین آہستہ کہنا:

عن علقمة بن وائل بن حجر رضی الله تعالیٰ عنه انه صلی مع رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فلمابلغ غیر المغضوب علیهم ولا الضالین قال آمین واخفی بهاصوته۔

(مصنف عبدالرزاق 136/2 رقم الحدیث 2797 مطبوعہ دارالفکر بیروت، مصنف ابن ابی شیبہ 414/1 کتاب الصلوٰۃ رقم الحدیث 27 طحاوی 158/1، ترمذی باب الصلوٰۃ رقم الحدیث 248)

﴿ترجمہ﴾

حضرت وائل بن حجر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھی آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب "ولا الضالین" پر پہنچے تو آمین کہی اور آہستہ آواز سے کہی۔

آمین آہستہ کہنا گناہوں کی معافی کا سبب:

"عن ابی هریرة رضی الله عنه ان رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قال اذاامن الامام فامنوا فانه من وافق تامینه تامین الملائکة غفرله ماتقدم من ذنبه"

﴿ترجمہ﴾

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جب امام آمین کہے تو آمین کہو، کیونکہ جس کی آمین فرشتوں کی آمین کے موافق ہوگئی اس کے اگلے پچھلے گناہ معاف کردیئے جائیں گے۔

(بخاری شریف ج 1، ص 108، مطبوعہ نور محمد اصح المطابق کراچی) (مسلم شریف، ج 1، رقم

Marfat.com

الحدیث 817)(سنن ابی داؤد، ج 1، ص 244، بیروت، لبنان)(سنن نسائی، الرقم الحدیث، 25)(سنن ابن ماجہ رقم الحدیث، 851)(مسند امام احمد بن حنبل رقم الحدیث 7643)(صحیح ابن خزیمہ، رقم الحدیث، 569)

"فائدہ"

فرشتے آمین آہستہ کہتے ہیں فرشتوں کے ساتھ موافقت اس وقت ہوگی جب آمین آہستہ کہیں گے۔

حضرت عمر، علی، عبداللہ بن مسعود اور ابراہیم نخعی وغیرھم سے روایت ہے کہ "چار چیزوں کو امام آہستہ کہے، تعوذ، تسمیہ ثناء، اور آمین"

(کتاب الآثار الامام محمد، ص 111، مطبوعہ ادارۃ القرآن کراچی)(عمدۃ القاری، ج 2، ص 52،50، مطبوعہ ادارۃ الطباعۃ المنیریہ)

جلسہ:

عن عائشة رضی الله تعالیٰ عنها قالت کان رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یفترش رجله الیسری وینصب رجله الیمنی و کان ینهی عن عقبة الشیطان وینهی ان یفترش الرجل ذراعیه افتراش السبع

(مسلم کتاب الصلوٰۃ رقم الحدیث 1110 ابوداؤد کتاب الصلوۃ رقم الحدیث 783)

﴿ترجمہ﴾

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنا بایاں پاؤں بچھاتے اور دایاں پاؤں کھڑا رکھتے تھے اور شیطان کی طرح بیٹھنے سے منع فرماتے تھے۔ اور درندوں کی طرح بازو (کلائیاں) بچھانے سے بھی منع فرماتے تھے۔

Marfat.com

تشہد میں انگلی سے اشارہ بلا حرکت:

عب عبداللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کان یشیر باصبعہ اذادعاو لا یحر کہا

(ابوداؤد کتاب الصلوٰۃ رقم الحدیث 898 نسائی کتاب السہو رقم الحدیث 1269)

﴿ترجمہ﴾ حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم (التحیات میں) دعا کے وقت کلمہ شہادت کے وقت اپنی انگلی سے اشارہ کرتے تھے مگر حرکت نہیں کرتے تھے۔

سجدہ سہو:

عن ابی ہریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سلم ثم سجدسجدتی السہو وھو جالس ثم سلم"

(نسائی کتاب السہو رقم الحدیث 1329)

﴿ترجمہ﴾ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سلام پھیرا پھر دو سجدہ سہو کئے۔ بیٹھے پھر سلام پھیرا۔

دعا بعد از نماز:

عن عائشۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہا قالت کان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اذاسلم لم یقعد الا مقدار مایقول اللھم انت السلام ومنک السلام تبارکت یاذالجلال والاکرام۔

(مسلم، کتاب المساجد رقم الحدیث 1336 , 1335 , 1334، ابوداؤد کتاب الصلوۃ رقم الحدیث 1512 ترمذی کتاب الصلوۃ رقم الحدیث 298 نسائی کتاب السہو رقم الحدیث 1337، ابن ماجہ، کتاب اقامۃ الصلوۃ، رقم الحدیث 924)

بعد از نماز صلوٰۃ وسلام:

"عن عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال کنت اصلی والنبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وابوبکر وعمر معہ فلما جلست بدأت بالثناء علی اللہ ثم الصلوۃ علی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ثم دعوت لنفسی فقال النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سل تعطہ سل تعطہ"

(ترمذی باب السفر رقم الحدیث 593 مسند امام احمد بن حنبل 286/1,400,437,445 مطبوعہ مؤسسۃ الرسالۃ بیروت، المعجم الکبیر للطبرانی رقم الحدیث 8414 سنن الکبریٰ للبیہقی 153/2 صحیح ابن خزیمہ رقم الحدیث 1156)

﴿ترجمہ﴾

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نماز پڑھ رہا تھا اور نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور ابوبکر وعمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ تھے جب میں (نماز پڑھ کر) بیٹھا اللہ کے ذکر سے ابتداء کی پھر نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر درود شریف پڑھا پھر میں نے اپنے لئے دعا کی تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا مانگ دیا جائے گا، جو مانگے گا دیا جائے گا۔

ہاتھ اٹھا کر دعا کرنا:

"عن السائب بن یزید عن ابیہ ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کان اذا دعا فرفع یدیہ مسح وجہہ بیدیہ" (ابوداؤد کتاب الوتر رقم الحدیث 1492)

﴿ترجمہ﴾

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ

Marfat.com

نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب دعا فرماتے تو اپنے دونوں ہاتھوں کو اٹھاتے پھر دونوں ہاتھ چہرے پر پھیر لیتے۔

وتر تین ہیں:

"عن عبداللہ بن ابی قیس رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال قلت لعائشة بكم كان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یوتر؟ قالت كان یوتر باربع وثلاث وست وثلاث وثمان وثلاث وعشر وثلاث ولم یكن یوتر بانقص من سبع ولا اكثر من ثلاث عشرة"

(ابوداؤد کتاب التطوع رقم الحدیث 1362)

﴿ترجمہ﴾

حضرت عبداللہ بن ابی قیس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے ام المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے پوچھا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کتنے وتر پڑھتے تھے؟ تو حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا چار اور تین، چھ اور تین، آٹھ اور تین، دس اور تین سات سے کم اور تیرہ سے زیادہ نہیں پڑھتے تھے (یعنی تہجد کے نوافل کبھی چار کبھی چھ) کبھی آٹھ کبھی دس پڑھتے مگر وتر تین ہی رہتے) تین وتر کی روایات مندرجہ ذیل کتب میں بھی ہیں البتہ الفاظ کا فرق ہے۔

(سنن دار قطنی 8/2 ص مطبوعہ نشر السنہ ملتان) (بخاری شریف ج 1، ص 52، مطبوعہ نور احمد اصح المطابق کراچی) سنن نسائی ج 1، کارخانہ تجارت)

دعائے قنوت قبل رکوع:

"عن ابی بن كعب ان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم كان یوتر فیقنت قبل الركوع"

(ابن ماجہ کتاب اقامۃ الصلوٰۃ رقم الحدیث 1182 باختلاف الالفاظ، ابوداؤد کتاب الوتر رقم الحدیث 1427 نسائی کتاب قیام اللیل وتطوع النھار رقم الحدیث 1698)

﴿ترجمہ﴾

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وتر پڑھتے تھے اور دعا قنوت رکوع سے پہلے پڑھتے تھے۔

الفاظ دعا قنوت:

اللھم انا نستعینک و نستغفرک و نومن بک و نتوکل علیک و نثنی علیک الخیر و نشکرک ولا نکفرک و نخلع و نترک من یفجرک اللھم ایاک نعبدولک نصلی و نسجدو الیک نسعی و نحفدو نرجو رحمتک و نخشیٰ عذابک ان عذابک بالکفار ملحق

(سنن کبریٰ 211,210,6/2 باختلاف الالفاظ والترتیب)

﴿ترجمہ﴾

اے اللہ بے شک ہم تجھ سے مدد مانگتے ہیں اور تجھ سے معافی چاہتے ہیں اور تجھ پر ایمان رکھتے ہیں اور تجھ پر بھروسہ رکھتے ہیں اور تیری بہتر تعریف کرتے ہیں اور تیرا شکر کرتے ہیں اور تیری ناشکری نہیں کرتے اور علیحدہ ہوجاتے اور چھوڑ دیتے ہیں اس کو جو تیری نافرمانی کرے۔ اے اللہ ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تیرے لئے ہی نماز پڑھتے ہیں اور سجدہ کرتے ہیں اور تیری طرف ہی دوڑتے اور چلتے ہیں اور تیری رحمت کی امید رکھتے ہیں اور تیرے عذاب سے ڈرتے ہیں بے شک تیرا عذاب کافروں کو پہنچنے والا ہے۔

Marfat.com

اگر فجر کی سنتیں رہ جائیں تو سورج نکلنے کے بعد پڑھے:

”عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم من لم یصل رکعتی الفجر فلیصلھما بعدما تطلع الشمس“

(ترمذی باب الصلوۃ رقم الحدیث 423، ابن ماجہ کتاب اقامۃ الصلوۃ رقم الحدیث 1156 سنن الکبریٰ للبیھقی 482/2، المستدرک للحاکم 274/1)

﴿ترجمہ﴾

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے فجر کی دوسنتیں (قبل از جماعت) نہیں پڑھیں وہ سورج نکلنے کے بعد پڑھے۔

(فرق الفاظ سے بخاری 82/1)

جمعہ کی سنتیں:

”عن عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ انہ کان یصلی قبل الجمعۃ اربعاو بعدھا اربعا“ (ترمذی باب الجمعۃ رقم الحدیث 523)

﴿ترجمہ﴾

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جمعہ سے پہلے چار رکعتیں پڑھتے اور اس کے بعد بھی چار رکعتیں پڑھتے اور جمعہ کے بعد بھی چار رکعتیں پڑھتے تھے (یعنی دوسنت دونفل)۔

”ان عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کان یکرہ أن یصلی بعد صلوٰۃ الجمعۃ مثلھا قال ابو جعفر فلذالک استحبّ ابو یوسف الاربع قبل الرکعتین“

(شرح معانی الآثار، ج4، ص234، المکتبۃ الحقانیہ ملتان)

Marfat.com

﴿ترجمہ﴾

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ جمعہ کے بعد جمعہ جیسی (دو رکعتیں) پڑھنے کو ناپسند کرتے امام ابوجعفر (طحاوی) فرماتے ہیں اس لیے امام ابویوسف نے مستحب یہ لکھا ہے کہ پہلے چار پھر دو پڑھی جائیں۔

نمازِ فجر کا مستحب وقت:

"عن رافع بن خدیج رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یقول اسفروا بالفجر فانہ اعظم للاجر"

(ترمذی باب الصلوٰۃ رقم الحدیث 154 باختلاف الالفاظ، ابوداؤد کتاب الصلوٰۃ رقم الحدیث 424 نسائی کتاب المواقیت رقم الحدیث 547 ابن ماجہ کتاب الصلوٰۃ رقم الحدیث 672 مسند طیالسی رقم الحدیث 959 سنن الکبریٰ للبیہقی 277/1 شرح معانی الآثار 108,105/1)

﴿ترجمہ﴾

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے سنا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرمارہے تھے نمازِ فجر روشنی کر کے پڑھو اس لئے کہ اس کا ثواب بہت بڑا ہے۔

نمازِ ظہر کا مستحب وقت:

عن ابی ذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کان فی سفر ومعہ بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ فاراد ان یقیم فقال ابرد ثم اراد ان یقیم فقال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ابرد فی الظہر قال حتیٰ راینا فیء التلول ثم اقام فصلیٰ فقال رسول اللہ صلی اللہ

Marfat.com

تعالیٰ علیہ وسلم ان شدۃ الحر من فیح جھنم فابردوا عن الصلوٰۃ۔

(ترمذی ابواب الصلوٰۃ رقم الحدیث 158 باختلاف الالفاظ بخاری، کتاب مواقیت الصلوٰۃ 535 ،539 کتاب الاذان رقم الحدیث 629 کتاب بدء الخلق رقم الحدیث 3258 مسلم کتاب المساجد رقم الحدیث 616، ابوداؤد کتاب الصلوٰۃ رقم الحدیث 401

﴿ترجمہ﴾

حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک سفر میں تھے حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی آپ کے ساتھ تھے تو انہوں نے اقامت کہنے کا ارادہ کیا تو حضور پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ٹھنڈا کرو کچھ دیر بعد پھر اقامت کہنا چاہی تو حضور پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ظہر کو ٹھنڈا کرو۔ ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا حتیٰ کہ ہم نے ریت کے ٹیلوں کے سائے دیکھ لئے پھر بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اقامت کہی تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نماز پڑھی پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا بے شک گرمی کی شدت جہنم کی لپٹ میں سے ہے لہذا نماز کو ٹھنڈا کر کے پڑھو۔

نمازِ تراویح بیس رکعت سنت ہے:

عن السائب بن یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال کان الناس یقومون علی عھد عمر ابن الخطاب فی شھر رمضان بعشرین رکعۃ

(سنن کبریٰ 496/2 مؤطا امام مالک کتاب اقامۃ الصلوٰۃ رقم الاثر 132 مصنف ابن ابی شیبہ 285/1)

﴿ترجمہ﴾

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ لوگ حضرت

Marfat.com

عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانے میں رمضان کے مہینے میں بیس رکعت پڑھتے تھے (یہ الفاظ سنن کبریٰ کے ہیں مگر دوسری کتب جن کا حوالہ دیا گیا ہے ان کا خلاصہ یہ ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے سامنے حضرت ابی بن کعب کو حکم دیا کہ وہ تراویح پڑھائیں لوگ ان کے پیچھے پڑھیں اور بیس تراویح اور تین وتر پر اجماع ہوگیا حرمین شریفین میں اس وقت سے آج تک بیس تراویح تین وتر پر عمل ہے)۔

جنازہ کی چار تکبریں:

عن ابی ھریرۃ ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم صلی علی النجاشی فکبر اربعا

(ترمذی کتاب الجنائز رقم الحدیث 1022 باختلاف الالفاظ، بخاری کتاب الجنائز رقم الحدیث 1245,1333 مسلم کتاب الجنائز رقم الحدیث 2201 ابوداؤد کتاب الجنائز رقم الحدیث 3204 نسائی کتاب الجنائز رقم الحدیث 1979,1970 ابن ماجہ کتاب الجنائز رقم الحدیث 1534)

﴿ترجمہ﴾

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نجاشی کا جنازہ پڑھا تو اس پر چار تکبیریں کہیں۔

بیہقی میں ہے کہ حضور پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جو آخری جنازہ پڑھا اس پر چار تکبریں پڑھیں۔ مؤطا میں ہے کہ ابوہریرہ نے فرمایا میں پہلے تکبیر پھر اللہ کی حمد پھر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر درود پھر دعا پڑھتا ہوں۔

دعا بعد نماز جنازہ:

"فاذا فرغت فانصب والیٰ ربک فارغب" (الانشراح،8,7)

Marfat.com

اس آیت کی تفسیر میں جلیل القدر مفسرین کرام روایات نقل فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عباس، حضرت مجاہد، حضرت قتادہ، حضرت ضحاک، حضرت مقاتل اور حضرت کلبی علیھم الرضوان فرماتے ہیں کہ جب تو فرض نماز سے فارغ ہوجائے تو رب کریم کی طرف دعا کیلئے کھڑا رہے۔

(تفسیر ابن جریر ج 3،ص 130، مطبوعہ مصر) (تفسیر معالم التنزیل، ج 7، ص 220

(تفسیر خازن ج 7،ص 220)

نوٹ!

نماز جنازہ بھی فرض کفایہ ہے۔

عن ابی ھریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یقول اذا صلیتم علی المیت فاخلصوا لہ الدعاء

(ابوداؤد کتاب الجنائز رقم الحدیث 3199 ابن ماجہ کتاب الجنائز رقم الحدیث 1497)

(۱) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سنا آپ فرماتے تھے جب میت پر نماز پڑھ چکو تو اس کے لئے خلوص کے ساتھ دعا مانگو۔

امام سرخسی جو دیوبندیوں وہابیوں کے نزدیک شمس الائمہ ہیں اپنی شہرہ آفاق تصنیف لطیف میں فرماتے ہیں کہ۔

(۲) سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنھما ایک جنازہ پر نماز جنازہ کے بعد پہنچے تو انہوں نے نمازیوں کو ارشاد فرمایا۔

"ان سبقتمونی بالصلوٰۃ علیہ فلاتسبقونی بالدّعا"

اگرچہ تم نے مجھ سے پہلے نماز پڑھ لی ہے لیکن دعا میں مجھ سے آگے نہ بڑھو۔

(مبسوط سرخسی، ص 68، ج)

Marfat.com

(۳) حضرت ابراھیم رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ابن ابی ادنیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اصحاب شجرہ میں سے ہیں ان کی صاحبزادی کا انتقال ہو گیا تو انہوں نے صاحبزادی کا جنازہ پڑھایا۔

"ثم اقام بعد الرابعة قدراً مابین التکبیرین یدعو ثم قال کان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یصنع فی الجنازۃ ھکذا"

